قدیم و جدید آسمانی کتب و صحائف میں

# نویدِ ختمُ الرُّسل صلی اللہ علیہ وسلم

www.KitaboSunnat.com

احمد دیدات

مترجم: سیّد طارق جاوید مشہدی

BEACON BOOKS

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

قدیم وجدید آسمانی کتب وصحائف میں

# نویدِ ختم الرسل ﷺ

DATA ENTERED

www.KitaboSunnat.com

احمد دیدات

مترجم: سید طارق جاوید مشہدی

۲۲۷۴۹

بیکن بُکس
BEACON BOOKS
• غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون: 042-37320030
• گلگشت کالونی، ملتان فون: 061-6520790-6520791
E-mail:info@beaconbooks.com.pk
Web: www.beaconbooks.com.pk

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

297.0792 احمد دیدات
نوید ختم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم / احمد دیدات
ملتان، لاہور -: بیکن بکس، 2010ء۔
ص 112
1. اسلام - تحقیق۔

27249

اشاعت : 2010ء

عبدالجبار نے
حاجی حنیف اینڈ سنز پرنٹنگ پریس لاہور
سے چھپوا کر بیکن بکس ملتان۔ لاہور
سے شائع کی۔

قیمت : -/120 روپے

اس کتاب کا کوئی بھی حصہ بیکن بکس سے باقاعدہ تحریری اجازت لیے بغیر کہیں بھی شائع نہ کیا جائے۔ اگر اس قسم کی کوئی بھی صورتِ حال پیدا ہوتی ہے تو پبلشر کو قانونی کارروائی کا حق حاصل ہوگا۔

ISBN : 978 - 969 - 534 - 188 - 9

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



LIBRARY

# فہرست


پیش لفظ 7

قرآن میں دیگر آسمانی کتب کے حوالے سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ 7

## 1- بائبل اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Beast کون، پوپ یا کسنجر؟ 15

13 کا خوش قسمت ہندسہ 16

کیوں کچھ نہیں؟ 17

نام سے نہیں 18

پیش گوئی کیا ہے؟ 19

موسیٰ علیہ السلام کی طرح پیغمبر 20

عیسیٰ اور موسیٰ علیہم السلام میں تین غیر مماثلتیں 21

## 2- آٹھ نا قابل تردید دلائل

ماں اور باپ 22

معجزانہ پیدائش 22

شادی 24

عیسیٰ علیہ السلام کا ان کی قوم نے ساتھ نہ دیا 24

دنیاوی سلطنتیں 24


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عیسیٰ علیہ السلام نیا مذہب لیکر نہیں آئے تھے 26
ان کا انتقال کیسے ہوا؟ 28
جنّت کے مکین 28

## 3- بائبل میں تذکرہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مزید ثبوت

اسماعیل پہلوٹی کی اولاد 29
عرب اور یہودی 30
اللہ کے الفاظ کس کے منہ میں ہوں گے؟ 30
اُمی پیغمبر 33
اہم نکتہ 34
اللہ تعالیٰ کا انتباہ بھی بے اثر ہو گیا 34
معجزوں کا معجزہ 35

## 4- عہد نامہ جدید میں موجود دلائل

یحیٰی علیہ السلام نے عیسیٰ علیہ السلام کی جگہ لے لی 37
تین سوالات 39
"وہ" ایک پیغمبر 39
سچائی معلوم کرنے کا پیمانہ 40
عظیم ترین رہنما کون؟ 41
قرآن مجید کا فرمان 42

27249

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## 5-رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں بائبل کی پیش گوئیاں


بائبل میں تذکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم 45
حضرت اسماعیل علیہ السلام کی ذات بابرکات 46
محمد صلی اللہ علیہ وسلم-پیغمبر جن کا وعدہ کیا گیا تھا 47
محبوب خدا۔ 49
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مکہ سے مدینہ ہجرت 49
بائبل میں قرآن کے بارے میں پیش گوئی 51
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم-پیغمبر موعود 53
حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی بائبل کے "فارقلیط" ہیں 54
کیا مذہبی سیادت کی منتقلی کی پیش گوئی کی گئی 55
انجیر کے درخت کی مثال 56
کیا تمام پیش گوئیاں محض اتفاقات ہیں؟ 58
"آنے والے" کے 10 ہزار ساتھی 58


## 6-مسیحیت عالمگیر مذہب نہیں


محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تمام اقوام عالم کے لیے ہے 62
"بائبل کا خدا" صرف ایک قوم کا خدا 63


محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پیش لفظ

## قرآن میں دیگر آسمانی کتب کے حوالے سے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ:

مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے آخری رسول محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ باقی انبیاء پر بھی ایمان رکھیں۔ البتہ عمل صرف خاتم النبین کی تعلیمات پر کرنا فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انبیاء میں تفریق یا بعض کو تسلیم کرنے اور بعض کو نہ کرنے کو کفر قرار دیا ہے۔ سورۃ النساء میں ارشاد ہے:

> ''جو لوگ اللہ کے ساتھ اور اس کے پیغمبروں کے ساتھ کفر کرتے ہیں اور جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے مابین فرق رکھیں اور جو لوگ کہتے ہیں کہ بعض نبیوں پر تو ہمارا ایمان ہے اور بعض پر نہیں اور چاہتے ہیں کہ اس کے اور اس کے بین بین کوئی اور راہ نکالیں ''یقین مانو کہ یہ سب لوگ اصلی کافر ہیں۔۔۔۔''
>
> (151-150:4)

اور جب کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر (اور دوسرے تمام لوگوں پر بھی) اپنے تمام انبیاء پر یقین رکھنے کو ایمان کی شرط قرار دیا ہے تو اہلِ کتاب کو بھی خاص طور پر تاکید ہے کہ وہ بھی آخری پیغمبر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کریں کیونکہ اب سابقہ پیغمبروں کی رسالت ختم ہو چکی اور اب نئے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا دور شروع ہو گیا ہے اور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ تعالیٰ نے اہلِ کتاب کو بجا طور پر یاد بھی دلایا ہے کہ تم لوگوں کے لیے نئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ آپؐ کی آمد کا تذکرہ تو پہلی آسمانی کتابوں میں آچکا ہے۔

سورۃ ''المائدہ'' میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

> ''اے اہلِ کتاب! یقیناً تمہارے پاس ہمارے پیغمبر (آخرالزمان) آگئے ہیں کہ جو کچھ تم کتاب (الٰہی) میں سے چھپاتے تھے وہ اس میں سے بہت کچھ تمہیں کھول کر بتا دیتے ہیں اور بہت سی باتوں سے وہ درگزر کرتے ہیں۔ تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور اور واضح کتاب آچکی ہے۔'' (15:5)

اللہ تعالیٰ نے واضح نشاندہی کر کے بتا بھی دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری پیغمبر کی حیثیت سے تشریف آوری کا ذکر سابقہ آسمانی کتابوں میں آچکا ہے جسے اہلِ کتاب اب جان بوجھ کر چھپا رہے ہیں۔ سورۃ ''البقرہ'' میں اللہ تعالیٰ نے اس کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے:

> ''جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ تو اسے پہچانتے ہیں جیسے کوئی اپنے بچوں کو پہچانے۔ ان کی ایک جماعت حق کو پہچان کر پھر چھپاتی ہے۔'' (146:2) (ترجمہ مولانا محمد جوناگڑھی)

مولانا فتح محمد جالندھری نے اس آیت کا ترجمہ اس طرح کیا ہے:

> ''جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ ان پیغمبر آخرالزمان کو اس طرح پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو پہچانا کرتے ہیں مگر ایک فریق ان میں سے سچی بات کو جان بوجھ کر چھپا رہا ہے۔'' (146:2)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قرآن مجید میں ایک اور مقام پر بالکل واضح انداز میں اللہ تعالیٰ نے بتادیا ہے کہ تورات اور انجیل کے ماننے والے ان کتابوں سے آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر موجود پاتے ہیں اور ان کی مدد سے رسول اللہ کو پہچان بھی سکتے ہیں مگر پھر بھی انکار کرتے ہیں۔ سورۃ الانعام میں ارشاد ہے:

"جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ لوگ رسول (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کو پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔۔۔"
(20:6)

اسی طرح سورۃ الاعراف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"وہ جو محمدؐ رسول (اللہ) کی جو نبی امی ہیں پیروی کرتے ہیں جن (کے اوصاف) کو وہ اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔۔۔" (157:7)

سیرت کی کتابوں میں ایک واقعہ درج ہے جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تائید کرتا ہے کہ یہود نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بخوبی پہچان لیا تھا کہ آپ سچے نبی ہیں مگر چونکہ وہ اس انتظار میں تھے کہ آخری نبی اسرائیلیوں میں سے ہوگا اس لیے انہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے بہت دکھ پہنچا اور وہ آپؐ کے دشمن ہو گئے۔ سیرت کی مشہور کتاب "الرحیق المختوم" میں ابن اسحاق کے حوالے سے یہ واقعہ مذکور ہے۔

"ان کا ارشاد ہے کہ مجھے ام المومنین حضرت صفیہؓ بنت حیی بن اخطب سے یہ روایت ملی ہے کہ انہوں نے فرمایا میں اپنے والد اور چچا ابو یاسر کی بہت چہیتی تھی۔ میں چچا اور والد سے جب کبھی ان کی کسی بھی اولاد کے ساتھ ملتی تو وہ اس کی بجائے مجھے ہی اٹھاتے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے اور قبا میں بنو عمرو بن عوف کے یہاں نزول فرما ہوئے تو میرے والد حیی بن اخطب اور چچا ابو یاسر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خدمت میں صبح تڑکے حاضر ہوئے اور غروب آفتاب کے وقت واپس آئے۔ بالکل تھکے ماندے، گرتے پڑتے، لڑکھڑاتی چال چلتے ہوئے۔ میں نے حسب معمول چہک کر ان کی طرف دوڑ لگائی لیکن انہیں اس قدر غم تھا کہ بخدا دونوں میں سے کسی نے بھی میری طرف التفات نہ کیا اور میں نے اپنے چچا کو سنا وہ میرے والد سے کہہ رہے تھے:

''کیا یہ وہی ہے؟'' (جس کا تذکرہ کتابوں میں آیا ہے)

انہوں نے کہا ''ہاں خدا کی قسم'' (یہ وہی ہے)

چچا نے کہا ''کیا آپ انہیں ٹھیک پہچان رہے ہیں؟''

والد نے کہا ''ہاں''۔

چچا نے کہا ''تو اب آپ کے دل میں ان کے متعلق کیا ارادے ہیں؟''

والد نے کہا: ''عداوت۔ خدا کی قسم۔ جب تک زندہ رہوں گا'' (اس کی نہ چلنے دوں گا)

اور مشہور یہودی عالم حضرت عبداللہ بن سلام کے قبول اسلام کا واقعہ بھی یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہود رسول اللہؐ کے سچے نبی ہونے کو دل میں تسلیم کرتے تھے مگر بدنیتی کی بنا پر اقرار نہیں کرتے تھے۔ حضرت عبداللہ بن سلام تورات اور دوسری آسمانی کتابوں کے بڑے عالم تھے اور آنے والے نبی کی نشانیوں سے باخبر تھے چنانچہ جونہی انہیں بنونجار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی اطلاع ملی آپ بڑے اشتیاق سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور اپنے علم کی بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے چند سوالات پوچھے جن کے جوابات کسی پیغمبر کو ہی معلوم ہو سکتے ہیں اور جب آپؐ نے ان سوالوں کے اطمینان بخش جواب دے دیئے تو وہ فوراً دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔ حضرت عبداللہ بن سلام کا سلام لانا خالصتاً ان کا تورات میں رسول اللہؐ کی آمد کے تذکرے سے آگاہی کی بنا پر تھا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فرمانِ خداوند تعالیٰ:

''اے نبی ان سے کہو'' تم نے سوچا بھی کہ اگر یہ کلام اللہ کی طرف سے ہوا اور تم نے اس کا انکار کر دیا (تو تمہارا انجام کیا ہوگا؟) اور اس جیسے ایک کلام پر تو بنی اسرائیل کا ایک گواہ شہادت بھی دے چکا ہے۔'' (10:46)

(علامہ عبداللہ یوسف علی نے اپنے ترجمہ میں اس گواہ سے مراد حضرت موسیٰ علیہ السلام کیا ہے۔ ملاحظہ ہو اس آیت کی تشریح نمبر 4/4783) تاہم بعض مفسرین کا کہنا ہے کہ اس سے حضرت عبداللہ بن سلام مراد ہیں جو مدینہ کے ممتاز یہودی عالم تھے اور بعد میں مسلمان ہو گئے تھے اور اس کی دلیل وہ یہ دیتے ہیں کہ اس آیت کے اگلے حصے میں کہا گیا کہ ''وہ ایمان لے آیا اور تم تکبر میں پڑے رہے'' تو اس کا مطلب یہی ہے کہ وہ کوئی ایسا شخص تھا جو کسی کلام پر ایمان لایا تھا اور پیغمبر تو خود کلام کا امین ہوتا ہے اسے ایمان لانے کی تو ضرورت نہیں ہوتی۔

سورۃ البقرہ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اور اب جو ایک کتاب اللہ کی طرف سے ان کے پاس آئی ہے، اس کے ساتھ ان کا کیا برتاؤ ہے؟ باوجودیکہ وہ اس کتاب کی تصدیق کرتی ہے جو ان کے پاس پہلے سے موجود تھی، باوجودیکہ اس کی آمد سے پہلے وہ خود کفار کے مقابلے میں فتح و نصرت کی دعائیں مانگا کرتے تھے مگر جب وہ چیز آئی، جسے وہ پہچان بھی گئے تو انہوں نے اسے ماننے سے انکار دیا۔'' (89:2)

اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے تفہیم القرآن میں لکھا ہے کہ ''نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد سے پہلے یہودی بے چینی کے ساتھ اس نبی کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



منتظر تھے جس کی بعثت کی پیش گوئیاں ان کے انبیاء نے کی تھیں۔ دعائیں مانگا کرتے تھے کہ جلدی سے "وہ" آئے تو کفار کا غلبہ مٹے اور پھر ہمارے عروج کا دور شروع ہو۔ خود اہلِ مدینہ اس بات کے شاہد تھے کہ بعثت محمدیؐ سے پہلے ان کے ہمسایہ یہودی آنے والے نبی کی امید پر جیا کرتے تھے اور ان کا آئے دن کا تکیۂ کلام یہی تھا کہ "اچھا! اب تو جس جس کا جی چاہے ہم پر ظلم کر لے جب وہ نبی آئے گا تو ہم ان سب ظالموں کو دیکھ لیں گے۔"

ان تمام حقائق کی روشنی میں یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آخری نبی کی حیثیت سے پیش گوئیاں سابقہ انبیاء کی کتابوں میں موجود تھیں مگر بعد میں آنے والوں نے اپنی ضروریات کی خاطر ان کتابوں میں اگرچہ تحریفات بھی کر دیں مگر پھر بھی سب کچھ نکالا نہ جا سکا اور آپ آئندہ اوراق میں دلائل کی روشنی میں پوری طرح جان لیں گے کہ سابقہ انبیا پر نازل ہونے والی کتابیں خود گواہی دے رہی ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت ایک مخصوص وقت کے لیے تھی اور وہ اپنے سے پہلے نبی کے دین کی تصدیق کے لیے تشریف لائے تھے جب کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت قیامت تک کے لیے ہے اور آپؐ نے سابقہ انبیاء کی رسالت اور کتابوں کی تصدیق کے ساتھ ایک نیا دین بھی پیش کیا جو اپنی روح کے اعتبار سے تو وہی تھا جس پر حضرت آدم سے لے کر حضرت عیسیٰ تک تمام انبیاء علیہم السلام عمل پیرا رہے مگر اس میں آنے والے تمام زمانوں کی ضروریات بھی سمو دی گئی ہیں۔ حیرت ہے کہ ماضی میں اور آج بھی اہلِ کتاب اور دوسرے غیر مسلموں میں بڑے بڑے سکالرز اور نابغہ روزگار شخصیات موجود ہیں مگر وہ اپنی ہی کتابوں میں تحریفات سے محفوظ رہ جانے والے مندرجات کو قبول کرنے سے گریزاں ہیں۔ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ جو کچھ ان پہلی آسمانی کتابوں سے حذف کر دیا گیا یا ان میں ردوبدل کر دیا گیا ممکن ہے ان میں بالکل واضح انداز میں پیغمبر آخر الزمان کا تذکرہ اور پیش گوئیاں موجود ہوں۔ احمد ویدات خداداد صلاحیتوں سے بہرہ ور ایک نابغہ تھے جنہیں محترم ڈاکٹر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ذاکر نائیک کی طرح تمام آسمانی کتابوں پر عبور حاصل تھا اور انہوں نے ایک عرصہ تک یورپ، افریقہ اور امریکہ میں غیر مسلم مبلغین کو مشکل میں ڈالے رکھا۔ کسی کے خیالات کو دوسری زبان میں منتقل کرتے وقت بہت سی نزاکتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ کوشش کی ہے کہ وہ تمام تقاضے پورے ہوں جو مفہوم کو قاری کے دائرہ اوراک میں لانے کے لیے ضروری ہیں۔ اللہ تعالیٰ میری اس حقیر کاوش کو قبول فرمائے۔ آمین۔ قارئین سے درخواست ہے کہ جہاں کہیں بھول یا غلطی نظر آئے اس کی نشاندہی سے گریز نہ کریں تاکہ آئندہ اشاعت میں اسے درست کروا دیا جائے۔ عبارت آرائی میں اگر کوئی کمی محسوس ہو تو اسے ایک مبتدی کی ناپختگی سمجھ کر درگزر فرمائیں۔ اس لیے کہ یہ میری پہلی کاوش ہے۔

دُعاء ہے کہ احمد دیدات نے جن لوگوں کو اس میں دعوت فکر دی ہے ان کی چشمِ بصیرت بھی ان حقائق تک پہنچ سکے اور ان کے قلب نور ہدایت سے منور ہوں یہاں ضمناً عرض ہے کہ ڈاکٹر جمال بداوی اور بیرسٹر اے ڈی اجی جولا کے موضوع سے متعلق دو مضامین بھی شامل کیے گئے ہیں۔ اول الزکر کا تعلق امریکہ اور موخر الذکر کا نائیجیریا سے ہے توقع ہے دونوں مضامین قارئین کو پسند آئیں گے۔ آمین۔

سید طارق جاوید مشہدی

پرنسپل: بلوم فیلڈ ہال سکول

اے ای ایس۔ لال پیر۔ محمود کوٹ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# 1- بائبل اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جناب چیئرمین! معزز خواتین و حضرات! آج کی شام ہونے والی گفتگو کے عنوان ''بائبل محمدؐ کے بارے میں کیا کہتی ہے'' آپ میں سے بہت سے حاضرین کے لیے باعث حیرت ہوگا کیونکہ اس پر بات کرنے والا ایک مسلمان ہے۔ یہ کیسے ممکن ہوگیا کہ ایک مسلمان یہودیوں اور عیسائیوں کی آسمانی کتابوں میں مذکور پیش گوئیوں کا انکشاف کر رہا ہے؟

آج سے کوئی تیس برس قبل جب میں نوجوان تھا تو میں نے ڈربن جنوبی افریقہ میں ''رائل تھیٹر'' میں ہٹن نامی ایک عیسائی مذہبی رہنما کے کچھ لیکچرز سنے تھے۔

## Beast کون، پوپ یا کسنجر؟

یہ معزز پادری بائبل کی پیشین گوئیوں کی وضاحت کر رہا تھا۔ اس نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ عیسائیوں کی بائبل میں سوویت روس کے عروج اور روزِ قیامت کی بھی پیش گوئی کی گئی ہے۔ ایک موقع پر تو اس نے یہ بات بھی ثابت کرنے کی کوشش کی کہ بائبل میں پوپ کے بارے میں بھی پیشین گوئی موجود ہے۔ اس نے کہا کہ بائبل کے عہد نامہ جدید کی کتاب وحی میں مذکور ''666Beast'' سے مراد پوپ ہے جو زمین پر عیسیٰ علیہ السلام کا نمائندہ ہے۔ یہ ہم مسلمانوں کے لیے مناسب نہیں کہ وہ رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ کے باہمی تنازعات میں پڑیں۔ ویسے جدید مسیحی مؤقف کے مطابق بائبل میں مذکور ''666Beast'' سے مراد ڈاکٹر ہنری کسنجر ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عزت مآب پادری ہٹن کے لیکچرز سے میرے ذہن میں سوال اُٹھا کہ اگر بائبل میں اسرائیل تک کے بارے میں پیش گوئیاں کی گئی ہیں تو یقیناً اس میں انسانیت کے عظیم ترین محسن پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں بھی کچھ نہ کچھ ضرور ذکر ہو گا۔

ایک متجسس نوجوان کے طور پر میں نے جواب کی تلاش شروع کر دی۔ میں بہت سے عیسائی مبلغین سے ملا۔ لیکچرز سنے اور ہر اس چیز کا مطالعہ کیا جس سے مجھے بائبل کی پیشین گوئیوں کے بارے میں معلوم ہو سکے۔ آج میں آپ کے سامنے ان بہت ساری ملاقاتوں میں سے ایک کا حال بیان کروں گا جو میں نے ڈچ ریفارمڈ چرچ کے ایک پادری سے کی۔

## 13 کا خوش قسمت ہندسہ:

مجھے ٹرانسوال (جنوبی افریقہ کا ایک صوبہ) میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سالگرہ پر خطاب کرنے کی دعوت دی گئی۔ یہ جانتے ہوئے کہ اس صوبے میں افریقی زبان زیادہ بولی جاتی ہے یہاں تک کہ میرے اپنے مسلک کے رہنے والے لوگ بھی یہی زبان بولتے ہیں تو میں نے محسوس کیا کہ لوگوں کے ساتھ اپنائیت کے لیے مجھے اس زبان کی کچھ شُد بُد ہونی چاہیے۔ میں نے ٹیلی فون ڈائریکٹری کھولی اور افریقی زبان سے آگاہی رکھنے والے گرجا گھروں میں فون کرنا شروع کیا میں نے عیسائی پادریوں کو فون کرنے کا مقصد بتایا کہ میں ان سے بات کرنا چاہتا ہوں لیکن سب نے ''مناسب'' بہانہ بنا کر معذرت کر لی۔ 13 میرا لکی نمبر تھا۔ 13 ویں کال کا جواب مثبت تھا جو میرے لیے خوشی اور سکون کا پیغام لے کر آیا۔ ایک مذہبی رہنما وان ہیرڈین ہفتہ کی سہ پہر اپنے گھر پر مجھے ملنے کے لیے تیار ہو گیا جبکہ مجھے اسی روز ٹرانسوال کے لیے روانہ ہونا تھا۔

اس نے اپنے گھر کے برآمدے میں بڑے تپاک سے مجھے خوش آمدید کہا۔ اس نے پوچھا کہ اگر میں برا نہ مانوں تو وہ اپنے 70 سالہ سسر کو اس گفتگو میں شریک کرنا چاہتا ہے۔ مجھے بھلا کیا اعتراض ہو سکتا تھا، ہم تینوں اس کے کتب خانے میں بیٹھ گئے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## کیوں کچھ نہیں؟

''بائبل محمدؐ کے بارے میں کیا کہتی ہے؟'' میں نے بات کا آغاز کیا'' کچھ نہیں'' بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اس نے جواب دیا۔ ''کیوں کچھ نہیں؟'' میں نے کہا۔ ''آپ تو کہتے ہیں بائبل میں سوویت روس کے عروج' روزِ قیامت یہاں تک کہ رومن کیتھولک کے پوپ کے بارے میں بھی ذکر ہے۔''

اُس نے کہا'' ہاں یہ سب کچھ ہے'' لیکن محمدؐ کے بارے کچھ نہیں۔'' کیوں کچھ نہیں'' یقیناً محمدؐ وہ ہستی ہیں جن کے اس دنیا میں کروڑوں پیروکار ہیں جو یقین رکھتے ہیں:

(1) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معجزانہ پیدائش پر۔

(2) کہ عیسیٰ علیہ السلام مسیح[1] ہیں۔

(3) کہ وہ مُردوں کو اللہ کے حکم سے زندہ کردیتے تھے اور کوڑھ کے مریضوں اور پیدائشی نابیناؤں کو اللہ کے حکم سے ٹھیک کردیتے تھے۔

یقیناً بائبل میں اُس عظیم شخص کے بارے میں ضرور کچھ ہوگا جو عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی والدہ مریم کے بارے میں بہت اچھے الفاظ میں ذکر کرتے تھے۔

''میرے بیٹے! میں گزشتہ پچاس برس سے بائبل کا مطالعہ کرتا آرہا ہوں اگر ان کے بارے میں اس میں کچھ بھی ذکر ہوتا تو میرے علم میں ہوتا'' پادری کے بوڑھے سر نے جواب دیا۔

---

(1) مسیح عربی اور عبرانی لفظ مساحہ سے نکلا ہے جس کا مطلب ہے رگڑنا، مساج کرنا، بپتسمہ دینا، مذہبی اہمیت یہ ہے کہ جسے بپتسمہ دیا جائے۔

بادشاہ اور پادری کو عہدوں پر فائز کرتے وقت بپتسمہ دیا جاتا ہے۔ مسیح کا ترجمہ Christ کرنے کا مطلب خدا نہیں بائبل میں منکر خدا سائرس کو بھی Christ کہا گیا ہے۔ ایسیاہ۔1:45

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نام سے نہیں:

آپ کے کہنے کے مطابق عہد نامہ قدیم میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں سینکڑوں پیشین گوئیاں موجود ہیں۔ ''سینکڑوں نہیں، ہزاروں'' اس نے میری بات کاٹتے ہوئے کہا۔ ''میں عہد نامہ قدیم میں یسوع مسیح کی آمد کے بارے میں ایک ہزار ایک پیشین گوئیوں کے تنازع میں نہیں پڑنا چاہتا کیونکہ پوری دنیا کے مسلمان بائبل کی پیش گوئی کی تصدیق کے بغیر ہی انہیں خدا کا پیغمبر مانتے ہیں۔ ہم مسلمان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی واحد شہادت پر عیسیٰ علیہ السلام کو پیغمبر تسلیم کر چکے ہیں۔

اور اس وقت پوری دنیا میں 90 کروڑ (یہ اعداد و شمار 1976ء کے ہیں۔ اب ایک ارب سے زیادہ) محمدؐ کے پیروکار موجود ہیں جو اللہ کے پیغمبر یسوع مسیح سے محبت کرتے ہیں، ان کا احترام کرتے ہیں اور مسیحیوں کے بائبل میں پیش کیے گئے نقطہ نظر کے ذریعے قائل کیے بغیر ہی انہیں خدا کا پیغمبر مانتے ہیں۔ ان ''ہزاروں'' پیش گوئیوں میں سے جن کا حوالہ آپ دیتے ہیں کیا آپ مجھے صرف ایک ایسی پیش گوئی دکھا سکتے ہیں جس میں یسوع کا نام لے کر ذکر کیا گیا ہو؟ ''مسیح'' ایک اصطلاح کا ترجمہ ہے جو کہ محض ایک خطاب ہے، نام نہیں۔ کیا کوئی ایک پیش گوئی بھی ایسی ہے جو یہ ظاہر کرتی ہو کہ مسیح کا نام عیسیٰ ہو گا؟ اور ان کی والدہ کا نام مریم ہو گا؟ اور یہ کہ ان کے مفروضہ باپ کا نام جوزف جو کہ ترکھان تھا، ہو گا؟ اور یہ کہ ان کی پیدائش بادشاہ ہیروڈ کے دور میں ہو گی؟ وغیرہ وغیرہ۔ نہیں ایسی کوئی تفصیل نہیں۔ پھر آپ یہ نتیجہ کیسے اخذ کر سکتے ہیں کہ وہ ''ہزاروں'' پیش گوئیاں یسوع علیہ السلام کے بارے میں ہیں؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## پیش گوئی کیا ہے؟

پادری کا جواب تھا:

''پیش گوئیاں آنے والے دور میں ہونے والے واقعات کی لفظی تصاویر ہوا کرتی ہیں اور جب یہ اصل میں وقوع پذیر ہو جاتی ہیں تو پھر ہم پورے یقین سے ان پیش گوئیوں کی تکمیل کا اعلان کرتے ہیں کہ ماضی میں ان کے بارے کیا کہا گیا تھا۔'' میں نے کہا اگر اصل میں آپ نتیجہ اخذ کرتے ہو' جواز بیان کرتے ہو اور 2 اور 2 کو اکٹھا کرتے ہو۔

اُس نے کہا! ''ہاں یہ تو ہے'' میں نے کہا: ''اگر آپ عیسیٰ علیہ السلام کی حقیقت کو ثابت کرنے کے لیے ''ہزاروں'' پیش گوئیوں کو حوالہ بنا رہے ہیں (کہ ان میں سے ایک میں بھی یسوع کا نام بھی موجود نہیں) تو پھر ہمیں محمد ؐ[1] کے لیے بھی یہی طریقہ (نظام) اختیار کیوں نہیں کرنا چاہیے؟ پادری نے اس تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ ہاں! اس مسئلے کو حل کرنے کا یہ درست طریقہ ہے۔

میں نے اسے تورات کی کتاب خمسہ موسیٰ کے باب نمبر 18' آیت نمبر 18 کھولنے کو کہا۔ اس نے ایسا ہی کیا' میں نے افریقی زبان میں یہ آیت پڑھی:

''میں اُن میں سے ایک پیغمبر پیدا کروں گا جو تم جیسا ہوگا اور میں اپنے الفاظ اس کے منہ میں ڈال دوں گا اور وہ انہیں وہی بتائے گا جس کا میں اسے حکم دوں گا۔''

(بائبل خمسہ موسیٰ Deuteronomy 18:18)

---

(1) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام Song of Soloman (5:16) میں نام لے کر ذکر کیا گیا ہے۔ عبرانی زبان میں جو الفاظ استعمال کیا گیا ہے وہ ''محمدّم'' ہے۔ (Muhammuddim) آخری الفاظ 'Im' احترام کے جمع کے صیغہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اگر (im) حذف کر دیا جائے تو یہ Muhammud رہ جائے گا جس کا مطلب یہ ہے ''بہت پیارا''۔

بائبل کے مصدقہ مسودہ میں اس کا ترجمہ ہے ''وہ جو تعریف کیا گیا'' یعنی جو تعریف کے لائق ہے جس کا عربی مترادف محمد ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## موسیٰ علیہ السلام کی طرح پیغمبر:

افریقی زبان میں تلاوت کرتے ہوئے میں نے اپنے تلفظ پر معذرت کی تو پادری نے کہا ''تم (آپ) ٹھیک پڑھ رہے ہو'' میں نے پوچھا یہ پیش گوئی کس کی طرف اشارہ کرتی ہے؟ بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اس نے جواب دیا: ''یسوع'' کی طرف۔ میں نے پوچھا! ''یسوع کیوں؟...... ان کا نام تو نہیں لیا گیا'' اس نے جواب دیا کہ چونکہ پیش گوئیاں آنے والے واقعات کی لفظی تصاویر ہوتی ہیں اور ہم نے دیکھا کہ اس آیت کا واضح اشارہ یسوع کی طرف ہے۔ آپ یہ دیکھیں کہ اس پیش گوئی کے اہم ترین الفاظ ''ہمارے جیسا'' ہیں یعنی موسیٰ کی طرح اور یسوع' موسیٰ کی طرح ہیں۔'' میں نے سوال کیا کہ ''کس طرح یسوع' موسیٰ کی طرح ہیں؟'' اس نے جواب دیا: پہلی بات تو یہ کہ موسیٰ (یہودی) تھے اور یسوع بھی یہودی تھے۔ دوسری بات یہ کہ موسیٰ ایک پیغمبر تھے اور یسوع بھی ایک پیغمبر تھے۔ اس لیے یسوع موسیٰ کی طرح ہیں اور یہ بعینہ وہی ہے جو اللہ نے موسیٰ کو پہلے ہی بتایا تھا۔

میں نے پوچھا کہ موسیٰ اور یسوع میں کوئی اور مماثلت بھی دیکھتے ہیں؟ اس نے کہا: نہیں! اس کے علاوہ کوئی مماثلت ذہن میں نہیں۔ میں نے جواب میں کہا کہ اگر تورات کی پیش گوئی کے ''امیدوار'' کے انتخاب کا معیار یہی دو اصول ہیں تو پھر بائبل میں مذکور موسیٰ کے بعد آنے والے تمام پیغمبر یعنی سلیمان' یحییٰ' ہوسیع' حزقی ایل علیہم السلام) کیونکہ یہ سب یہودی بھی تھے اور پیغمبر بھی۔ ہمیں یہ پیش گوئی ان میں سے کسی ایک پر لاگو کیوں نہیں کرنی چاہیے؟ صرف یسوع ہی کیوں؟ اُس کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ ''میری رائے تو یہ ہے'' میں نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا'' کہ عیسیٰ علیہ السلام' موسیٰ علیہ السلام سے بالکل مختلف ہیں اور اگر میرا موقف درست نہ ہو تو آپ میری اصلاح ضرور کریں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## عیسیٰ اور موسیٰ علیہم السلام میں تین غیر مماثلتیں:

(1) پہلی بات تو یہ ہے کہ یسوع' موسیٰ کی طرح نہیں ہیں کیونکہ بقول آپ کے یسوع خدا ہیں (ہے) لیکن موسیٰ خدا نہیں ہیں۔ کیا یہ سچ ہے؟ اس نے کہا ''ہاں'' میں نے کہا: پھر یسوع' موسیٰ کی طرح کیسے ہوئے؟

(2) دوسری بات یہ ہے کہ بقول آپ کے یسوعؑ نے دنیا کے گناہوں کے کفارے میں موت قبول کی لیکن موسیٰ نے تو ایسا نہیں کیا' کیا یہ درست ہے؟ اس نے دوبارہ کہا' ہاں! میں نے کہا پھر یسوع موسیٰ جیسے کس طرح ہو گئے؟

(3) تیسری بات یہ ہے کہ آپ نے کہا کہ یسوعؑ تین روز تک جہنم میں گئے (نعوذ باللہ) لیکن موسیٰ تو وہاں نہیں گئے' کیا یہ درست ہے؟ اس نے کمزور سے لہجے میں جواب دیا ''ہاں!'' پھر آپ کیسے کہتے ہو کہ یسوع موسیٰ کی طرح تھے؟

تاہم یہ کوئی ٹھوس حقائق نہیں ہیں۔ یہ محض عقیدے کا معاملہ ہے جس پر آپ کے عام لوگ ٹھوکر کھا سکتے ہیں اور گر بھی سکتے ہیں۔ آیئے! ہم بالکل سادہ' بہت آسان بات پر بحث کرتے ہیں اور آپ اپنے عام لوگوں کو بھی اس میں شامل کر لیں تاکہ انہیں سمجھنے میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔ وہ اس پر فوراً تیار ہو گیا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# 2- آٹھ ناقابل تردید دلائل

## ماں اور باپ:

(1) موسیٰ علیہ السلام کے ماں اور باپ تھے' محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی ایک ماں اور ایک باپ تھے' عیسیٰ علیہ السلام کی صرف ماں تھی اور کوئی باپ نہیں تھا' کیا یہ درست ہے؟

اس نے کہا! ہاں! میں نے کہا' اس لیے عیسیٰ موسیٰ علیہم السلام کی طرح نہیں لیکن محمد موسیٰ کی طرح ہیں۔

## معجزانہ پیدائش:

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور موسیٰ علیہ السلام دوسرے لوگوں کی طرح فطری انداز میں پیدا ہوئے یعنی انہوں نے معمول کے مطابق ایک عورت اور مرد کے جسمانی ملاپ سے جنم لیا لیکن عیسیٰ علیہ السلام ایک خاص معجزے کے نتیجے میں پیدا ہوئے۔ آپ یاد کرو کہ بائبل میں ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ ان (جوزف اور مریم) کے قریب آنے سے قبل ایک پاکیزہ روح اسے (مریم کو) ایک بچہ دے گئی تھی۔ (میتھیو 18:1)

سینٹ لوکا کی روایت یہ ہے کہ جب مریم کو ایک پاک بیٹے کی پیدائش کی خوشخبری سنائی گئی تو اس نے کہا " یہ کیسے ہوگا؟ مجھے آج تک کسی مرد نے چھوا تک نہیں" فرشتے نے جواب دیتے ہوئے کہا "پاک روح تمہارے پاس آئے گی اور سب سے طاقتور ذات کا سایہ تمہارے اوپر ہوگا" (بائبل لوکا 34:1) (پاک روح یا روح القدس سے مراد Holy Ghost مسیحی عقیدے کے مطابق تثلیث کی تیسری ذات)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قرآن پاک بڑے بھرپور انداز میں اس معجزانہ پیدائش کی تصدیق کرتا ہے۔

(جب حضرت مریم نے سوال کیا) ''پروردگار! میرے ہاں بچہ کہاں سے ہوگا؟ مجھے تو کسی مرد نے ہاتھ تک نہیں لگایا'' (فرشتہ سے) جواب ملا ''ایسا ہی ہوگا' اللہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ وہ جب کسی کام کے کرنے کا فیصلہ فرماتا ہے تو بس کہتا ہے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتا ہے۔''

(القرآن 47:3۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو قرآن مجید 42:3, 16:19)

خدا تعالیٰ کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ کسی جانور یا انسان کی پیدائش کے لیے کوئی بیج بوئے وہ تو صرف فیصلہ کرتا ہے اور وہ وجود میں آ جاتا ہے۔ یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے متعلق مسلمانوں کا عقیدہ ہے۔ (جب میں نے اپنے شہر کی بائبل سوسائٹی کے سربراہ کے سامنے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے متعلق قرآن اور بائبل کے اقتباسات کا موازنہ کرتے ہوئے پوچھا کہ وہ اپنی بیٹی کے سامنے کون سا بیان پیش کرے گا' قرآن کا یا بائبل کا؟ اس نے فوراً جواب دیا ''قرآن کا۔'')

میں نے پادری سے مختصراً استفسار کیا کہ یہ سچ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معجزانہ پیدائش' موسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قدرتی پیدائش کے برعکس ہوئی۔ اس نے بڑے فخر سے کہا کہ ''ہاں'' میں نے کہا پھر عیسیٰ علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کی طرح کیسے ہوئے؟ بلکہ دراصل محمدؐ موسیٰ علیہ السلام کی طرح ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے خمسہ موسیٰ (تورات) میں موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا: ''تمہاری طرح'' یعنی موسیٰ کی طرح تو اس کا مطلب یہی ہوا کہ اللہ کے فرمان کا مطلب محمدؐ ہے' عیسیٰ نہیں؟ قرآن مجید کی آیات 42:3 اور 16:19 میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش اور اسلام میں آپ اور آپ کی والدہ مریم علیہ السلام کے اعلیٰ مقام و مرتبہ کا تذکرہ ملتا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## شادی:

موسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے شادیاں کیں اور بچے ہوئے لیکن عیسیٰ علیہ السلام تمام عمر کنوارے رہے' کیا یہ سچ ہے؟ پادری نے کہا "ہاں" میں نے کہا پھر عیسیٰ' موسیٰ علیہ السلام کی طرح کس طرح ہیں بلکہ محمد موسیٰ علیہ السلام کی طرح ہیں۔

## عیسیٰ علیہ السلام کا ان کی قوم نے ساتھ نہ دیا:

موسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کی قوم نے ان کی زندگی میں پیغمبر مانا' اس میں کوئی شک نہیں کہ یہودیوں نے موسیٰ علیہ السلام کو بے شمار تکلیفیں دیں اور وہ جنگلوں میں بھٹکتے رہے لیکن بطور ایک قوم کے انہوں نے یہ تسلیم کیا کہ موسیٰ علیہ السلام ان کی طرف بھیجے گئے اللہ کے پیغمبر تھے' عرب کے لوگوں نے بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اجیرن کیے رکھی اور ان کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت تکلیفیں اٹھانا پڑیں اور تیرہ سال اپنے آبائی شہر میں تبلیغ کرنے کے بعد وہ قوم کی سختیوں سے عاجز آ کر شہر سے ہجرت پر بھی مجبور ہو گئے لیکن ان کے وصال سے قبل عرب کے رہنے والوں نے انہیں اللہ کا پیغمبر مانا مگر عیسیٰ علیہ السلام کی قوم نے ان سے جو سلوک کیا اس کی گواہی بائبل نے ان الفاظ میں دی ہے:

"وہ (عیسیٰ) اپنی قوم کی طرف آیا مگر ان کی قوم نے ان کی طرف توجہ نہ دی۔"

(بائبل John 1:11)

اور آج دو ہزار سال بعد بھی ان کی قوم کما حقہ ان کی تعلیمات پر عمل پیرا نہیں۔

## دنیاوی سلطنتیں:

موسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبر بھی تھے اور حکمران بھی۔ ایک پیغمبر سے مراد وہ شخص ہے جسے انسانوں کی رہنمائی کے لیے خدائی احکامات بھیجے جاتے ہیں اور وہ پھر بغیر اس میں کوئی اضافہ یا کمی کیے اللہ کا پیغام اللہ کی مخلوق کو پہنچا دیتا ہے۔ ایک بادشاہ اس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شخص کو کہتے ہیں جو اپنی قوم کے افراد کی زندگی اور موت کے بارے میں فیصلہ کرنے کی قدرت رکھتا ہو۔

اس بات سے قطع نظر کہ اس شخص نے تاج پہنا ہوا ہے یا نہیں یا یہ کہ اسے کبھی بادشاہ یا شہنشاہ کا خطاب دیا گیا۔ اگر ایک شخص کو موت کی سزا دینے کا اختیار مل گیا تو وہ بادشاہ ہے اور موسیٰ علیہ السلام کو یہ اختیار حاصل تھا۔ آپ کو اس اسرائیلی کا قصہ یاد ہے جو یوم سبت کو لکڑیاں چنتے ہوئے پکڑا گیا تھا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے سنگسار کرنے کا حکم دیا تھا؟ (تورات: Number 13:15)

بائبل میں کچھ اور جرائم کا ذکر بھی کیا گیا ہے جن پر موسیٰ علیہ السلام کے حکم پر یہودیوں کو سزائے موت دی گئی تھی۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اپنی قوم کی زندگی اور موت کے فیصلے کرنے کا اختیار حاصل تھا۔

بائبل میں بعض ایسی پاکیزہ صفت شخصیات کا تذکرہ ہے جنہیں پیش گوئی کی طاقت سے نوازا گیا تھا لیکن وہ اپنے احکامات پر عملدرآمد پر قدرت نہیں رکھتے تھے۔ ان میں کچھ پیغمبر بھی تھے جیسے کہ لوط، یونس، دانیال، عزیر اور یحییٰ علیہم السلام جو اپنی قوم کی ہٹ دھرمی کے سامنے بے بس تھے۔ وہ صرف اللہ کا پیغام پہنچا سکے مگر اپنی قوم پر اللہ کا قانون نافذ نہ کر سکے۔ عیسیٰ علیہ السلام کا شمار بھی انہی پیغمبروں میں ہوتا ہے۔ انجیل بڑے واضح انداز میں اس بات کا ثبوت پیش کرتی ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام کو بغاوت کا الزام لگا کر رومی گورنر (Pontium Pilate) کے سامنے گھسیٹ کر لایا گیا عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے دفاع میں جو اہم نکتہ پیش کیا اس میں اپنے خلاف الزام سے انکار کرتے ہوئے انہوں نے کہا: "اس دنیا میں میری کوئی سلطنت نہیں، اگر اس دنیا میں میری سلطنت ہوتی تو میرے سپاہی ہوتے جو میرے لیے لڑتے اور مجھے یہودیوں کے حوالے کرنے سے روکتے۔"

(John 18:36)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس دلیل نے رومی گورنر کو جو کہ کافر تھا' باور کرایا کہ چاہے وہ اس کے ذہن کو پوری طرح اپنی طرف مائل بھی کر سکیں مگر بہر حال وہ اس کی حکمرانی کے لیے خطرہ نہیں۔ ''عیسیٰ علیہ السلام نے صرف روحانی سلطنت کا دعویٰ کیا' دوسرے لفظوں میں انہوں نے صرف پیغمبر ہونے کا دعویٰ کیا' کیا یہ درست ہے؟'' پادری کا جواب اثبات میں تھا۔ میں نے کہا تو پھر عیسیٰ' موسیٰ علیہم السلام کی طرح نہیں بلکہ محمد ﷺ موسیٰ علیہ السلام کی طرح ہیں۔

## عیسیٰ علیہ السلام نیا مذہب لیکر نہیں آئے تھے:

موسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پیروکاروں کے لیے نیا مذہب اور نئے قوانین وضوابط لے کر آئے۔ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے لیے نہ صرف ''دس خدائی احکام'' لے کر آئے بلکہ مفصل سماجی قوانین بھی اپنے ماننے والوں کے لیے لے کر آئے۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے پاس آئے جو بربریت اور جہالت میں ڈوبے ہوئے تھے' وہ اپنی سوتیلی ماؤں سے شادیاں کرتے اور اپنی بیٹیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے' شراب نوشی' بدکاری' بت پرستی اور جوابازی عام تھی۔ گبن نے اپنی کتاب ''رومی سلطنت کا زوال'' میں عرب کے قبل از اسلام حالات یوں بیان کیے ہیں:

> ''انسانوں میں پائی جانے والی وحشیانہ عادات جانوروں سے کچھ زیادہ مختلف نہ تھیں' انسانوں اور جانوروں میں امتیاز کرنا مشکل تھا' بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ وہ انسانی شکل میں جانور تھے۔''

تھامس کارلائل نے ان کے بارے میں کہا کہ ''محمد ﷺ نے انہیں ذلت آمیز پستی سے اُٹھا کر علم وروشنی کا علمبردار بنا دیا'' عرب قوم کے لیے یہ تاریکی سے روشنی کی طرف ایک نیا جنم تھا۔ سرزمین عرب اس کی وجہ سے پہلی بار دنیا کے سامنے ظاہر ہوئی۔ ایک غریب گڈریا قوم جب سے دنیا تخلیق ہوئی تھی صحرائے عرب کی وسعتوں میں گمنامی کی زندگی گزار رہی تھی مگر دیکھیے! ایک گمنام قوم کیسے دنیا کی قابل ذکر قوموں میں شمار ہونے لگی' چھوٹی سی دنیا اب

محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بڑی بن چکی تھی، صرف ایک صدی میں مسلم عرب کی حدود ایک طرف غرناطہ اور دوسری طرف دہلی تک پھیل چکی تھیں اور اس عظیم سلطنت کی شان و شوکت کے سامنے ہر دوسری طاقت اور سلطنت ہیچ تھی۔

حقیقت یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ وجدل کے عادی عربوں میں امن، رواداری اور بھائی چارے کی ایسی روح پھونک دی جس سے وہ آشنا نہ تھے۔ جہاں تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تعلق ہے جب یہودیوں کو شک گزرا کہ وہ ان کی تعلیمات کے خاتمے کے منصوبے لے کر آئے ہیں تو عیسیٰ علیہ السلام نے انہیں یقین دہانی کروائی کہ وہ نیا مذہب لے کر نہیں آئے، کوئی نئے قوانین وضوابط نہیں لائے۔ ان کا اپنا فرمان ہے:

> ''یہ مت سوچو کہ میں (پہلا) قانون ختم کرنے آیا ہوں یا پہلے پیغمبروں کی تعلیمات کی نفی کرنے، میں (پہلی تعلیمات) خراب کرنے نہیں آیا بلکہ انہیں مکمل کرنے آیا ہوں۔ اس لیے میں تم کو یقین دلاتا ہوں کہ جب تک آسمان اور زمین موجود ہیں (خدائی قانون میں سے) ایک نقطہ یا شوشہ بھی ختم نہیں کیا جائے گا یہاں تک کہ اسے مکمل کر دیا جائے۔'' (میتھیو 18,17:5)

دوسرے الفاظ میں وہ کوئی نیا مذہب یا نئے قوانین وضوابط لے کر نہیں آئے تھے بلکہ پرانے قوانین کی تکمیل کے لیے آئے تھے۔ یہی وہ حقیقت تھی جو وہ یہودیوں کو سمجھانا چاہتے تھے۔ یہ نہیں تھا کہ وہ ایسی باتیں کر کے یہودیوں کو دھوکہ دے کر اپنی نبوت کے اقرار پر آمادہ کرنے کی کوشش کر رہے تھے اور اس پردے میں ان پر ایک نیا مذہب مسلط کر رہے تھے، نہیں۔ پیغمبر کبھی بھی خدا کے مذہب کو اس طرح سے تباہ کرنے کی ہرگز کوشش نہیں کرے گا۔ انہوں نے تو خود ان قوانین کو مکمل کیا۔ انہوں نے موسیٰ علیہ السلام کے ''دس خدائی احکام'' پر عمل کیا۔ وہ یوم سبت کا احترام کرتے تھے، کبھی بھی کسی یہودی نے آپ پر انگلی اٹھاتے ہوئے یہ نہیں کہا کہ آپ نے روزہ کیوں نہیں رکھا؟ یا یہ کہ آپ کھانے سے پہلے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہاتھ کیوں نہیں دھوتے' ایسے الزامات انہوں نے آپ کے ماننے والوں پر تو لگائے مگر آپ پر نہیں' یہ اس لیے کہ اچھے یہودی ہونے کے ناطے عیسیٰ علیہ السلام اپنے گزرے پیغمبروں کا احترام کرتے تھے۔ مختصراً یہ کہ وہ کوئی نیا مذہب لے کر نہیں آئے نہ ہی موسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح نئے قوانین نافذ کیے۔ کیا یہ درست ہے؟ میں نے اس پادری سے پوچھا: اس نے جواب: ہاں! میں نے کہا اس لیے ثابت ہوا کہ عیسیٰ' موسیٰ علیہ السلام کی طرح نہیں بلکہ دراصل محمد صلی اللہ علیہ وسلم موسیٰ علیہ السلام کی طرح ہیں۔

## ان کا انتقال کیسے ہوا؟

دونوں موسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال طبعی طور پر ہوا لیکن مسیحیوں کے نقطہ نظر سے عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر چڑھایا گیا' کیا یہ درست ہے؟ مذہبی رہنما نے کہا ہاں! میں نے زور دے کر کہا کہ پھر عیسیٰ علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام ایک طرح کیسے ہو گئے بلکہ دراصل محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور موسیٰ علیہ السلام باہم مشابہ ہیں۔

## جنت کے مکین:

موسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم دونوں فطری طریقے سے دفن ہوئے لیکن آپ کے موقف کے مطابق عیسیٰ جنت میں (زندہ) ہیں' کیا یہ درست ہے؟ پادری نے اس بات سے اتفاق کیا۔ میں نے کہا "اس سے بھی مشابہت عیسیٰ اور موسیٰ علیہ السلام میں نہیں بلکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور موسیٰ علیہ السلام میں ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# 3-بائبل میں تذکرہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

## مزید ثبوت

### اسماعیل پہلوٹی کی اولاد:

پادری بے بسی سے میری ہر بات سے اتفاق کیے جا رہا تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ اب تک پیش گوئی اور بشارت کے صرف ایک نکتے کو میں نے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے یعنی "تمہاری طرح" کی حقیقت کیا ہے؟ بائبل کے یہ الفاظ محض "تمہاری ہی طرح ایک پیغمبر بنانے" تک محدود نہیں بلکہ "میں ان کے بھائیوں میں سے تمہاری ہی کی طرح کا ایک پیغمبر بناؤں گا"........ اس میں زور اُن کے بھائیوں میں سے" پر دیا گیا ہے۔ اس میں موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم یہود سے ہم نسل کی حیثیت سے خطاب کیا گیا ہے اور اُن کے بھائی یقیناً عرب ہوں گے۔ آپ نے دیکھا کہ بائبل میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ کا دوست کہا گیا ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کی دو بیویاں تھیں' سارہ اور ہاجرہ' ہاجرہ نے ابراہیم کے ایک بیٹے کو جنم دیا۔ ان کا پہلا بیٹا۔ "ابراہیم نے ہاجرہ سے پیدا ہونے والے اپنے بیٹے کا نام اسماعیل رکھا۔" (کتاب پیدائش 15:16) (بائبل کے مطابق پہلے ابراہیم کا نام ابرام تھا جسے اللہ تعالیٰ نے تبدیل کر کے ابراہیم کر دیا)

"اور ابراہیم نے اپنے بیٹے کا نام اسماعیل رکھا" (کتاب پیدائش 23:17)

اور آپ کے بیٹے اسماعیل کی عمر تیرہ برس تھی جب ان کے ختنے کیے گئے۔ (کتاب پیدائش 25:17)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور یہ کہ تیرہ برس تک ابراہیم کے ایک ہی بیٹے اسماعیل تھے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو سارہ کے بطن سے ایک بچہ دیا جس کا نام اسحاق تھا وہ اسماعیل سے چھوٹے تھے۔

## عرب اور یہودی:

اگر اسماعیل اور اسحاق ایک ہی باپ ابراہیم کی اولاد ہیں تو اس طرح سے دونوں بھائی ہوئے اور یوں ایک کی اولاد دوسرے کی اولاد کے بھائی کہلائے گی۔ اسحاق کی اولاد یہودی کہلائے اور اسماعیل کی عرب۔ یوں وہ ایک دوسرے کے بھائی ہوئے۔ بائبل اس بات کی تصدیق کرتی ہے ''اور وہ (اسماعیل) اپنی برادری (بھائیوں) میں رہیں گے۔'' (پیدائش 12:16) ''اور وہ (اسماعیل) اپنے بھائیوں میں ہی وفات پائیں گے۔'' (پیدائش 18:25) اسحاق کی اولاد نسل اسماعیل کے بھائی ہوئے اس طرح سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اسرائیلیوں (بنی اسرائیل) کے ''بھائیوں'' میں سے ہوئے کیونکہ وہ حضرت ابراہیم کے بیٹے اسماعیل کی اولاد میں سے تھے۔ یہ حقیقت اس پیش گوئی کے بعینہ مطابق ہے کہ نیا پیغمبران کی برادری میں سے ہوگا'' اس پیش گوئی میں یہ بات بالکل واضح ہے کہ آنے والا پیغمبر موسیٰ علیہ السلام کی طرح ہوگا۔ بنی اسرائیل میں سے نہیں ہوگا بلکہ ان کی برادری میں سے اور محمدؐ ان کی برادری میں سے تھے۔

## اللہ کے الفاظ کس کے منہ میں ہوں گے؟

پیش گوئی میں مزید یہ بھی ہے کہ ''اور میں اپنے الفاظ ان کے منہ میں ڈال دوں گا'' جب یہ کہا گیا کہ میں اپنے الفاظ ان کے منہ میں ڈالوں گا تو اس کا کیا مطلب ہے؟ آپ دیکھیں جب میں نے آپ سے تورات کی کتاب ''خمسہ موسیٰ'' کا باب نمبر 18 آیت 18 کھولنے کو کہا اور آپ نے پڑھا ہوتا تو کیا میں آپ کے منہ میں ڈال رہا ہوتا۔ پادری نے جواب دیا ''نہیں'' ''ٹھیک ہے'' میں نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا ''اگر میں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے آپ کو ایسی چیز پڑھانی ہوتی جس کے بارے میں آپ کو علم نہیں جیسے عربی اور اگر میں آپ کو یہ کہوں کہ جو کچھ میں پڑھوں آپ اسے دُہرا دیں' مثلاً (میں نے عربی زبان میں سورۃ اخلاص کی تلاوت کی):

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

کیا اس طرح میں ایک اجنبی (غیر ملکی) زبان جو آپ نے اس سے قبل نہیں سنی' آپ کے منہ میں نہیں ڈال رہا ہوں گا؟ اس نے میری بات سے اتفاق کیا' میں نے کہا بالکل اسی طرح قرآن پاک کے الفاظ.......... اللہ کی طرف سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئے تھے۔

تاریخ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر چالیس برس تھی وہ مکہ سے کوئی تین کلومیٹر دور شمال کی طرف ایک غار میں تھے۔ یہ 28/رمضان المبارک کی شب تھی (بعض روایت کے مطابق 27 رمضان المارک ہے۔ مترجم) جب غار میں فرشتہ جبرائیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی مادری زبان میں یہ الفاظ ''اقراء...... دُہرانے کی درخواست کی جس کا مطب ہے: ''پڑھ'' ...... محمد صلی اللہ علیہ وسلم قدرے گھبرا گئے اور پریشانی میں جواب دیا' میں پڑھا ہوا نہیں ہوں (میں پڑھ نہیں سکتا) فرشتے نے دوبارہ کہا لیکن وہی جواب ملا' تیسری بار فرشتے نے کہا کہ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝

''پڑھو (اے نبی!) اپنے رب کے نام کے ساتھ جس نے جمے ہوئے خون کے ایک لوتھڑے سے انسان کی تخلیق کی، پڑھو اور تمہارا رب بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا، انسان کو وہ علم دیا جسے وہ جانتا نہ تھا۔'' (96:1 تا 5)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو یقین ہو گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف دُہرانا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے الفاظ بالکل اسی طرح دُہرائے جیسے کہ آپ کو دہرانے کو کہا گیا تھا۔

یہ پہلی پانچ آیات ہیں جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئیں جو کہ اب قرآن پاک کی 96 (چھیانویں) سورۃ کا آغاز ہے۔

## وفادار گواہ:

اس کے فوراً بعد فرشتہ غائب ہو گیا تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیزی سے گھر کی طرف آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خوفزدہ اور پسینے میں شرابور تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پیاری بیوی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کہ "مجھے کمبل اوڑھا دو" آپ لیٹ گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں وہ سارا واقعہ سنا دیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم پرسکون ہو گئے تو حضرت خدیجہؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو فوراً اپنی وفاداری کا یقین دلایا اور کہا کہ "اللہ آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا"

کیا یہ ایک جھوٹے دعویدار کی باتیں ہیں؟ کیا کبھی جھوٹے دعویدار یہ اعتراف کرتے ہیں کہ جب ایک فرشتہ اللہ کی طرف سے پیغام لے کر آتا ہے تو وہ خوفزدہ ہو جاتے ہیں، پسینہ آ جاتا ہے، گھروں کی طرف اپنی بیویوں کے پاس پناہ لیتے ہیں؟ ہر نقاد یہ دیکھ سکتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ردعمل اور پھر اعتراف ایک دیانتدار، مخلص، سچے (صادق اور امین) کا تھا۔

اس کے بعد کے 23 برسوں میں یہی ہوا کہ الفاظ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دہن مبارک میں ڈالے جاتے رہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان الفاظ کو دہراتے رہے۔ ان الفاظ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب و ذہن پر انمٹ نقوش چھوڑے۔ جوں جوں قرآن مجید کا نزول ہوتا رہا، اسے کھجور کے پتوں، کھال اور جانوروں (بھیڑ، بکریوں) کی کندھے کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہڈی پر تحریر کیا جاتا رہا۔ اس کے علاوہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین حفظ بھی کرتے رہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال سے قبل اللہ تعالیٰ کے احکام کی روشنی میں قرآن مجید کو اس ترتیب کے ساتھ مدون کر لیا گیا جس میں یہ آج ہے۔

نازل ہونے والے الفاظ اصل میں ان کے منہ میں ڈالے گئے تھے بالکل اسی طرح جیسے اس پیش گوئی میں ہے جو زیر بحث ہے۔ ''اور یہ کہ میں اپنے الفاظ اس کے منہ میں ڈالوں گا'' (Deut:18:18)

## اُمی پیغمبر:

غارِ حرا جو جبل نور (نور کا پہاڑ) کے نام سے مشہور ہے، میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا تجربہ اور پہلی وحی کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر جو کچھ گزرا بائبل کی ایک اور پیش گوئی کے عین مطابق ہے۔ بائبل کی کتاب Isaiah کے باب نمبر 29 'آیت نمبر 12 میں کہا گیا ہے

''اور کتاب (القرآن) اس پر نازل کی جائے گی جو پڑھا ہوا نہیں ہے۔ (عیساہ 12:29) (امی پیغمبر کا تذکرہ قرآن مجید میں بھی ہے 158:7۔ مترجم)

اور بائبل کی مذکورہ آیت میں مزید کہا گیا ''اس نے کہا 'پڑھ' میں تم سے التجا کرتا ہوں۔'' (عبرانی مسودے میں ''میں تم سے التجا کرتا ہوں'' کے الفاظ نہیں ہیں۔ رومن کیتھولکس کے Douay ورشن اور نظر ثانی شدہ معیاری ورشن کے ساتھ تقابل)

اور اس نے کہا ''میں پڑھ نہیں سکتا'' (میں پڑھا ہوا نہیں ہوں) یہ عربی الفاظ ''ما أَنَا بقارِ أ'' کا صحیح ترجمہ ہے جو کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرشتہ جبرئیل علیہ السلام کے سامنے ادا کیے تھے۔ جب انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا ''اقراء'' میں یہاں وہ پورا اقتباس نقل کرتا ہوں جو کہ کنگ جیمز ورشن یا مستند سمجھے جانے والے نسخہ میں مذکور ہے:

''اور کتاب اس پر نازل کی جائے گی جو پڑھا ہوا نہیں ہے (فرشتہ نے) کہا ''پڑھ میں آپ سے التجا کرتا ہوں'' اور اس نے کہا ''میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔'' (12:29 Isaiah)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اہم نکتہ:

یہ امر قابل ذکر ہے کہ چھٹی صدی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دور مسعود میں عربی زبان میں بائبل موجود ہی نہ تھی۔ اس کے علاوہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکمل طور پر اُمّی (ان پڑھ) اور غیر تعلیم یافتہ تھے کسی انسان سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لفظ بھی نہیں سیکھا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معلم آپ کا خالق تھا۔ قرآن پاک کی سورۃ نجم میں ارشاد ہے:

> ''اور نہ وہ اپنی خواہش سے کوئی بات کہتے ہیں وہ تو صرف وحی ہے جو اتاری جاتی ہے اسے پوری طاقت والے فرشتے نے سکھایا ہے۔''
> (5,4,3,:53)

اور بغیر کسی انسانی معلم سے تعلیم حاصل کیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بڑے بڑے داناؤں کی فراست ہیچ تھی۔

## اللہ تعالیٰ کا انتباہ بھی بے اثر ہو گیا:

میں نے اس پادری سے کہا کہ دیکھو! محمدؐ کے بارے میں پیش گوئیاں کتنے بھرپور انداز میں سچ ثابت ہوئی ہیں۔ ہمیں ان پیش گوئیوں کو محمدؐ کے بارے میں ثابت کرنے کے لیے کوئی غیر ضروری ادھیڑ بن نہیں کرنی پڑی۔

''آپ کی تمام وضاحتیں اپنی جگہ درست ہیں لیکن یہ کوئی اہم بات نہیں ہے کیونکہ ہم مسیحی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا کا روپ مانتے ہیں جنہوں نے ہمیں گناہ سے معافی دلائی۔'' پادری نے جواب دیا۔

میں نے حیرت سے پوچھا ''اہم نہیں؟'' خدا تعالیٰ کی نظر میں تو ایسا نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے تو انسان کو جگہ جگہ انتباہ کرنے کو بہت اہمیت دی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علم میں تھا کہ آپ جیسے لوگ ہوں گے جو اُس کے الفاظ کے بارے میں غیر سنجیدہ اور لاپروائی کا رویہ روا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رکھیں گے۔اس لیے اس نے تورات کی کتاب ''خمسہ موسیٰ' 18:18 ''میں سخت الفاظ میں خبردار کرتے ہوئے کہا ''ایسا ہو کر رہے گا کہ جو کوئی میرے الفاظ پر کان نہیں دھرے گا میں اُس سے خوب حساب لوں گا۔''

میں اُس سے اس بارے پوچھوں گا (کیتھولک بائبل کے اختتامی الفاظ اسی طرح ہیں ''میں انتقام لینے والا ہوں گا'' یعنی میں اس سے انتقام لوں گا۔

''کیا آپ کو یہ چیز خوفزدہ نہیں کرتی' خدا تعالیٰ انتقام کی دھمکی دے رہا ہے' ہمیں کوئی غنڈہ دھمکی دے دے تو ہم خوف کے مارے کانپنے لگتے ہیں لیکن آپ پر اللہ کے خبردار کرنے کا کوئی اثر نہیں'' میں نے پوچھا۔

## معجزوں کا معجزہ:

تورات کی کتاب خمسہ موسیٰ باب 18 کی آیت نمبر 19 میں ہمیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں پیش گوئی کی ایک اور دلیل ملتی ہے' الفاظ پر ذرا غور کریں:

''میرے الفاظ جو وہ بولے گا وہ میرے نام سے شروع کرے گا''

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کس کے نام سے ایسا کریں گے' میں نے عبداللہ یوسف علی کے قرآن پاک کا ترجمہ کھولتے ہوئے قرآن پاک کی 114 ویں سورہ' سورہ الناس جو کہ آخری سورۃ بھی ہے' کا آغاز دکھایا: ''اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔''

اسی طرح نمبر 110,111,112,113 تمام آیات بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع ہوتی ہیں۔ایک ہی انداز اور ایک ہی مطلب' ثبوت کم و بیش ہر صفحے پر موجود ہے کیونکہ آخری سورتیں مختصر ہیں اور ایک صفحے پر آجاتی ہیں۔

''اور پیش گوئی کے الفاظ بھی یہی تھے کہ جو میرے الفاظ وہ بولے گا وہ میرے نام سے شروع کرے گا۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور قرآن پاک کی ہر سورة سوائے 9 ویں سورة کے تمام اللہ کے نام سے ایک ہی انداز میں شروع ہوتی ہیں۔ (اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے)..........

مسلمان اپنا جائز کام اللہ کے نام سے شروع کرتا ہے لیکن ایک مسیحی کام شروع کرتے وقت کہتا ہے "آسمانی باپ' بیٹے اور پاک روح کے نام سے شروع کرتا ہوں"

تورات کے باب 18 میں سے میں نے اس بات کی 15 وجوہات دے دی ہیں کہ یہ پیشین گوئی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ہے' عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں نہیں۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# 4- عہد نامہ جدید میں موجود دلائل

## یحییٰ علیہ السلام نے عیسیٰ علیہ السلام کی جگہ لے لی:

عہد نامہ جدید میں ہم دیکھتے ہیں کہ یہودی ابھی تک پیش گوئی کے پورا ہونے کے متعلق یہ توقع کر رہے تھے (موسیٰ کی طرح ایک پیغمبر کی آمد) بحوالہ بائبل (جان 1:19-25)

جب موسیٰ علیہ السلام نے یہودیوں کے مسیح ہونے کا دعویٰ کیا تو یہودیوں نے الیاس کے متعلق پوچھنا شروع کر دیا۔ یہودی اس سے متصادم ایک پیش گوئی ذہن میں رکھتے تھے کہ مسیح کی آمد سے پہلے الیاس علیہ السلام ایک بار دوبارہ ضرور آئیں گے اور عیسیٰ علیہ السلام بھی یہودیوں کے اس عقیدے کی ان الفاظ میں تصدیق کرتے ہیں۔

"الیاس یقیناً پہلے آئیں گے اور سب چیزوں کو بحال کریں گے' میں آپ کو بتا دوں کہ الیاس پہلے آ چکے ہیں مگر انہیں علم نہیں ہوا۔ پھر ان کے پیروکاروں کو علم ہوا کہ دراصل پیش گوئی یحییٰ علیہ السلام کے بارے میں تھی۔" (میتھیو 17:11-13)

عہد نامہ جدید کے مطابق یہودی ایسے نہیں تھے کہ وہ کسی بھی مسیح ہونے کے دعویدار کی باتوں کو آسانی سے قبول کر لیتے۔ سچے مسیح کی تلاش میں انہوں نے اپنی تحقیقات کے سلسلے میں شدید مشکلات اٹھائیں اور جان کی انجیل میں اس کی تصدیق اس طرح کی گئی:

"جب یہودیوں نے مذہبی مبلغین اور پادریوں کو یروشلم سے اس کے متعلق پوچھنے کے لیے کہ وہ کون ہے؟ بھیجا اور اس نے اعتراف کیا' انکار نہیں کیا بلکہ اعتراف کیا' میں عیسیٰ علیہ السلام نہیں ہوں۔"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور یہ فطری بات تھی کیونکہ مسیح دو نہیں ہو سکتے' یہودی ایک ہی مسیح کا انتظار کر رہے تھے اور انہوں نے اس سے پوچھا: بھلا کیا؟ کیا تم الیاس ہو؟ آپ نے کہا: ''میں نہیں ہوں''

یہاں یحییٰ علیہ السلام' عیسیٰ علیہ السلام سے مختلف بات کرتے ہیں۔ عیسیٰ علیہ السلام کہتے ہیں کہ جان (حضرت یحییٰ) دراصل الیاس ہیں اور جان (یحییٰ) اپنے بارے میں عیسیٰ علیہ السلام کے بیان سے انکار کرتے ہیں۔ دونوں میں سے ایک (یحییٰ یا عیسیٰؑ) خدا معاف کرے! یقیناً سچ نہیں بول رہے ہیں۔

عیسیٰ علیہ السلام کی شہادت کے مطابق یحییٰ علیہ اسلام کا درجہ اسرائیلی پیغمبروں میں سب سے اونچا ہے۔ آپ سے یہ فرمان منسوب ہے:

> ''بلاشبہ! میں تم کو بتاتا ہوں کہ ان تمام لوگوں میں جنہیں ماؤں نے پیدا کیا' یحییٰ علیہ السلام سے بڑا کوئی پیدا نہیں ہوا۔''
> (میتھیو 11:11)

ہم مسلمان ''جان بپتسمہ دینے والے'' کو حضرت یحییٰ علیہ السلام کے طور پر جانتے ہیں' ہم انہیں اللہ کے سچے پیغمبر کے طور پر مانتے ہیں۔ پاک پیغمبر عیسیٰ علیہ السلام کو ہم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام سے ہی جانتے ہیں اور انہیں اللہ تعالیٰ کے بلند مدارج کے حامل پیغمبروں میں سے ایک مانتے ہیں۔ ہم مسلمان کیسے ان میں سے کسی ایک پر بھی تہمت لگا سکتے ہیں۔ ہم عیسیٰ علیہ السلام اور یحییٰ علیہ السلام کے اس مسئلے کا حل مسیحیوں پر چھوڑتے ہیں جن کی مقدس کتابوں میں تضادات کی بھرمار ہے۔ ہم مسلمانوں کی دلچسپی صرف اس آخری سوال سے ہے جو یہودی اشرافیہ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام سے کیا تھا:

''کیا آپ ''وہی'' پیغمبر ہو؟ جس کا جواب انہوں نے نفی میں دیا تھا۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تین سوالات:

یہ بات قابل ذکر ہے کہ تین مختلف اور اہم سوالات حضرت یحیٰ علیہ السلام سے پوچھے گئے جن کے انہوں نے تین اہم جوابات دیئے:

(1) کیا آپ عیسیٰ علیہ السلام ہیں؟

(2) کیا آپ الیاس ہیں؟

(3) کیا آپ وہی پیغمبر ہو (جس کی پیش گوئی کی گئی)؟

مگر مسیحیت کے علماء صرف دو سوالوں کا عقیدہ رکھتے ہیں اس بات کو قطعی واضح کرنے کے لیے کہ جب یہودی حضرت یحیٰ علیہ السلام سے تحقیق کر رہے تھے تو ان کے ذہن میں تین الگ الگ سوال تھے ہم اس سوال کا اصل متن دیکھتے ہیں۔ سوال یہ تھا:

اور انہوں نے اس سے سوال کیا اور اس سے کہا' تم بپتسمہ کیوں دیتے ہو؟

(الف) اگر تم عیسیٰ نہیں ہو۔

(ب) اگر تم الیاس نہیں ہو۔

(ج) اور نہ ہی وہ پیغمبر ہو (جس کی پیشین گوئی کی گئی تھی)۔

یہ بات طے ہے کہ یہودی تین واضح پیش گوئیوں کے پورے ہونے کا انتظار کر رہے تھے یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آمد' حضرت الیاس علیہ السلام کی آمد اور اس پیغمبر موعود کی آمد۔

## "وہ" ایک پیغمبر:

اگر ہم کسی بھی غیر متنازعہ بائبل کے حواشی کا مطالعہ کریں تو یہ معلوم ہوگا کہ جہاں کہیں "وہ پیغمبر" یا "اس پیغمبر" کا ذکر ہے (جان 1:25) تو اس پیش گوئی کا تعلق تورات کی اس پیشین گوئی سے ملتا ہے جس میں اس پیغمبر کے لیے "موسیٰ علیہ السلام کی طرح" استعمال کیا گیا ہے۔ ہم نے بڑے ہی واضح انداز میں یہ ثابت کر دیا ہے کہ "وہ" محمد ﷺ تھے نہ کہ عیسیٰ علیہ السلام!

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہم مسلمان عیسیٰ علیہ السلام کے مسیح ہونے سے انکار نہیں کرتے جس کا ترجمہ انگریزی میں Christ کیا گیا ہے۔ ہم عہد نامہ قدیم کی اس ''ایک ہزار ایک پیش گوئی'' سے بھی اختلاف نہیں کرتے جس کے بارے میں مسیحیوں کا عقیدہ ہے کہ یہ مسیح کی آمد کے بارے میں ہیں بلکہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ تورات میں مذکور (خمسہ موسیٰ 18:18) یہ پیش گوئی واضح طور پر محمدؐ کے بارے میں کی گئی ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں نہیں۔

پادری نے بڑی شائستگی اور تپاک سے مجھے یہ کہتے ہوئے رخصت کیا کہ یہ بڑی ہی دلچسپ بحث ہے اور یہ کہ میں کسی وقت ان کے ہاں ایک اجتماع میں اس موضوع پر تفصیل سے اظہار خیال کروں اور اب تو کم وبیش ڈیڑھ عشرہ گزر گیا' میں ابھی تک اس دعوت کا انتظار کر رہا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ اس نے مجھے خلوص سے ہی پیشکش کی ہوگی لیکن تعصب اتنی جلدی کہاں ختم ہوتا ہے اور پھر اپنی بھیڑ کھونا کون پسند ہے۔

## سچائی معلوم کرنے کا پیمانہ:

میں مسیح کی بھیڑوں سے کہتا ہوں کہ اس ''کسوٹی'' سے مدد کیوں نہیں لیتے جس کے بارے میں خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ہر پیغمبر ہونے کے دعویدار پر آزماؤ۔ ''تم ان کے پھلوں کے ذریعے ان کی پہچان کر لو گے۔''

کیا انسان کانٹوں کے درخت سے انگور یا جھاڑیوں سے انجیر کا پھل لے سکتے ہیں؟ ہر اچھے درخت پر اچھا اور برے درخت پر برا پھل ہوگا...... ''ان کے پھلوں کے ذریعے ان کی پہچان لو گے'' (میتھیو 16:7) آپ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کو اس کسوٹی پر پرکھنے سے خوفزدہ کیوں ہو؟ آپ دیکھیں گے کہ اللہ کی آخری کتاب قرآن مجید میں موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات کی دراصل تکمیل کی گئی ہے۔ اس سے دنیا میں امن اور خوشی حاصل ہوگی جس کی کہ اشد ضرورت ہے۔ اس حوالے سے جارج برنارڈ شا کا تجزیہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جیسا کوئی شخص جدید دنیا کا مطلق العنان حکمران بن جاتا تو وہ اس کے تمام مسائل حل کر دیتا جس سے دنیا میں امن اور خوشی کا دور دورہ ہو جاتا جس کی کہ شدید ضرورت ہے۔''

## عظیم ترین رہنما کون؟

عالمی شہرت یافتہ ہفتہ وار نیوز میگزین ''ٹائم'' نے 15 جولائی 1974ء کے اپنے شمارے میں مختلف مؤرخین، مصنفین، عسکری رہنماؤں، تاجروں اور دوسرے بہت سے لوگوں کی رائے ''تاریخ کا سب سے بڑا رہنما کون ہے'' کے عنوان سے اکٹھی کی، کچھ نے کہا ہٹلر، کسی نے کہا گاندھی، بدھا، لنکن (ابراہام لنکن) لیکن جیولز میسر مین نے جو ممتاز امریکی ماہر نفسیات تھا، نے مثالی رہنما کی تین خصوصیات بیان کیں:

(1) اپنے لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنا۔

(2) لوگوں کو ایک سماجی تنظیم مہیا کرنا جس میں وہ اپنے آپ کو محفوظ تصور کریں اور

(3) اپنی قوم کو کسی عقیدے پر جمع کرنا۔

اوپر ذکر کیے گئے تین اصولوں کی کسوٹی پر وہ ہٹلر، پاسچر، سیزر، موسیٰ، کنفیوشس اور بہت ساروں کو پرکھتا ہے اور پھر ایک حتمی نتیجہ نکالتا ہے کہ

''پاسچر اور سالک ان خصوصیات میں پہلی پر پورے اترتے ہیں، گاندھی اور کنفیوشس، سکندر، سیزر اور ہٹلر دوسری اور کسی حد تک تیسری، عیسیٰ علیہ السلام اور بدھا مکمل طور پر تیسری پر پورے اترتے ہیں۔ ان سب میں شاید محمدؐ ایسے عظیم ترین رہنما ہیں جن میں یہ ساری خصوصیات پائی جاتی ہیں اور ان سے کچھ کم موسیٰ علیہ السلام میں بھی موجود ہیں۔ شکاگو یونیورسٹی کے پروفیسر جن کے بارے میں میرا گمان ہے کہ یہودی ہیں، کے معیار کے مطابق عیسیٰ علیہ السلام اور بدھا پورے اترتے ہیں مگر عجب حسن اتفاق ہے کہ اس کسوٹی پر بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور موسیٰ علیہ السلام ہی ایک گروپ میں آتے ہیں جس سے اس دلیل کو مزید

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تقویت ملتی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کی طرح نہیں بلکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم موسیٰ علیہ السلام کی طرح ہیں۔

ریورنڈ جیمز ایل وڈ' کولنز کی ڈکشنری آف بائبل میں اس بات کا مزید ثبوت پیش کرتا ہے کہ ''عیسیٰ علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کی طرح نہیں بلکہ محمد ؐ موسیٰ علیہ السلام کی طرح ہیں۔ ایک اور عقیدے کے بانی کے طور پر موسیٰ علیہ السلام نے یہودی عقیدے کی بنیاد رکھی۔ ''انسائیکلوپیڈیا آف ریلی جئن'' میں موسیٰ علیہ السلام کی شخصیت پر تفصیلاً اظہار خیال کیا گیا ہے۔

''موسیٰ علیہ السلام کی حیثیت اسلام میں'' کی ہیڈ لائن کے تحت لکھا ہے:

> ''موسیٰ علیہ السلام کو اسلام میں اس عظیم پیغمبر کے طور پر لیا جاتا ہے جنہوں نے اپنے بعد آنے والے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد کی خبر دی تھی۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں بہت ساری چیزیں موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کا پرتو معلوم ہوتی ہیں۔''
>
> (انسائیکلوپیڈیا آف ریلی جئن' جلد 10 'صفحہ 121 'میکملن پبلشنگ کمپنی)

آخر میں میں ایک قابل احترام مسیحی رہنما' بائبل کے شارح پروفیسر ڈمی لو کا تبصرہ نقل کرتا ہوں:

''ایک سچے پیغمبر کا حتمی اصول اس کی تعلیمات کا اخلاقی معیار ہے'' خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بائبل میں فرمان ہے: ''ہم انہیں ان کے پھلوں سے پہچانیں گے۔''

## قرآن مجید کا فرمان:

قرآن مجید میں مسلمانوں اور اہل کتاب کی مشترکہ بنیاد کی نشان دہی ان الفاظ میں کی گئی ہے:

> ''آپ کہہ دیجئے کہ اے اہل کتاب! ایسی انصاف والی بات کی طرف آؤ جو ہم میں تم میں برابر ہو کہ ہم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں نہ اس کے ساتھ کسی کو شریک بنائیں نہ اللہ تعالیٰ کو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چھوڑ کر آپس میں ایک دوسرے کو ہی رب بنائیں۔ پس اگر وہ منہ پھیر لیں تو تم کہہ دو کہ گواہ رہو ہم تو مسلمان ہیں۔" (سورہ آل عمران 64:3 ترجمہ: مولانا محمد جوناگڑھی)

قرآن پاک میں یہودیوں اور مسیحیوں کو اہل کتاب کے قابل احترام نام سے مخاطب کیا گیا۔ مسلمانوں کو یہاں پر اہل کتاب کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر دعوت دینے کا حکم دیا جا رہا ہے وہ ہے کہ

"ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے" کہ ان تینوں مذاہب کے پیروکار خدائے واحد پر یقین رکھتے ہیں۔

مگر بائبل کے اس عقیدے کے مطابق نہیں کہ "ہمارا خدا ایک سخت گیر (Jealous) خدا ہے جو ان بچوں کی تیسری اور چوتھی نسل تک جو مجھ سے نفرت کرتے ہیں' ان کے باپوں کی سرزنش پر نظر رکھتا ہے۔" (خروج 20:20-25)

جب کہ خدا کے بارے میں قرآنی تصور یہ ہے کہ وہ ہمارا آقا و مالک اور رب ہے' ہمارا رازق اور خالق ہے' تمام تعریفیں اسی کو زیبا ہیں' ہم سب دعائیں اس سے کرتے اور اس کے سامنے سجدہ ریز ہوتے ہیں:

نظریاتی طور پر تو یہودی اور مسیحی قرآنِ پاک کی آیت کے تینوں نکات سے اتفاق کر لیتے ہیں لیکن عملی طور پر ایسا نہیں ہے۔ خدائے واحد کے تصور اسلامی پر اختلاف کے علاوہ پاپائیت یا مذہبی پیشواؤں کا مسئلہ بھی ہے (یہودیوں میں یہ وراثتی بھی ہے)۔ کاہن، پوپ، پادری یا برہمن اپنے علم یا گناہوں سے پاک زندگی کی بنا پر دوسرے لوگوں سے برتر ہونے کا دعویٰ کر سکتے ہیں اور کہہ سکتے ہیں کہ بندے اور خدا کے درمیان رابطہ کے لیے ہیں مگر اسلام میں ایسا نہیں ہے اور اسلام پاپائیت کے تصور کو تسلیم نہیں کرتا۔

قرآنِ پاک عقیدۂ اسلام کے بارے میں ہمیں مختصراً بتاتا ہے کہ

"اے مسلمانوں! تم سب کہو کہ ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس چیز پر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھی ہماری طرف اتاری گئی اور جو چیز ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب (علیہم السلام) اوران کی اولاد پر اتاری گئی اور جو کچھ اللہ کی جانب سے موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) اور دوسرے انبیاء (علیہم السلام) پر۔ہم ان میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے،ہم اللہ کے فرمان بردار ہیں'' (سورۂ بقرہ۔آیت 136 پارہ 2۔ترجمہ مولانا محمد جونا گڑھی)

مسلمان کی حیثیت (پوزیشن) بڑی واضح ہے، وہ مذہب کو خاص اپنے لیے مختص نہیں کرتا، اسلام کوئی فرقہ یا لسانی مذہب نہیں، اس کی نظر میں مذہب صرف ایک ہی ہے اور وہ ہے سچ کا راستہ ''یہ وہی مذہب ہے جو اس سے پہلے تمام پیغمبروں تک پہنچا'' (القرآن) یہی وہ سچ ہے جو تمام الہامی کتابوں میں بیان ہوا ہے۔ان سب باتوں کا نچوڑ یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور مرضی۔ پھر اس کی خوش دلی سے اطاعت کا معاملہ ہے ''اگر کوئی اس مذہب سے ہٹ کر مذہب چاہتا ہے تو وہ غلط ہے وہ اللہ کی رضا اور مرضی کے خلاف چلتا ہے۔ایسا شخص کسی قسم کی رہنمائی کی توقع نہیں کرسکتا کیونکہ اس نے جان بوجھ کر ایسا کرنے سے انکار کیا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# 5-رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں بائبل کی پیش گوئیاں

از ڈاکٹر جمال بداوی

قرآن مجید میں ارشاد ہے:

"جو لوگ ایسے رسول نبی امی کا اتباع کرتے ہیں جن کو وہ لوگ اپنے پاس تورات وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔۔۔" (157:7)

گویا قرآن جو کہ ایک عالمگیر سچائی ہے اس سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ پہلے کی آسمانی کتابوں میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر موجود ہے۔

## بائبل میں تذکرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

حضرت ابراہیم علیہ السلام کو توحید یعنی اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے علمبرداروں میں نمایاں مقام حاصل ہے اور آپ اہلِ یہود، مسیحیوں اور مسلمانوں تینوں کے جدامجد ہونے کا بھی اعزاز رکھتے ہیں۔ آپ کے دوسرے صاحبزادے حضرت اسحاق علیہ السلام کی لڑی سے حضرت یعقوب، یوسف، موسیٰ، داؤد، سلیمان اور عیسیٰ علیہم السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر مبعوث ہوئے۔ ان عظیم پیغمبروں کی آمد اللہ تعالیٰ کے ایک عہد کی جزوی تکمیل تھی جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ میں ابراہیم علیہ السلام کی نسل سے اقوامِ عالم کو عزت بخشوں گا۔ (کتاب پیدائش 3,2:12)

اس عہد کو مسلمانانِ عالم نہایت خوش دلی سے تسلیم کرتے ہیں کہ ان تمام پیغمبروں پر ایمان جن کے دین کا لازمی حصہ ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حضرت اسماعیل علیہ السلام کی ذات بابرکات:

کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پہلے صاحبزادے حضرت اسماعیل علیہ السلام اوران کی نسل بھی اللہ تعالیٰ کے مندرجہ بالا وعدے میں شامل ہیں۔اس سوال کا جواب بائبل کی درج ذیل آیات میں تلاش کیا جاسکتا ہے۔

(1) کتاب پیدائش (3,2:12) میں اللہ تعالیٰ کے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے جس وعدے کا ذکر ہے اس وقت آپ کا کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا تھا۔

(2) کتاب پیدائش (4:17) میں جو وعید حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دی گئی اس وقت حضرت اسماعیل علیہ السلام پیدا ہو چکے تھے۔

''کیا ایک سو سالہ (بوڑھے) کے ہاں بیٹا پیدا ہوگا؟ کیا سارہ 90 سال کی عمر میں بیٹے کو جنم دے گی؟'' اور ابراہیم نے خدا سے کہا ''کیا آپ کے وعدے کے دائرے میں صرف اسماعیل ہی آئیں گے؟'' پھر خدا نے کہا ''ہاں مگر تمہاری بیوی سارہ کے ہاں (بھی) بیٹا پیدا ہوگا اور تم اس کا نام اسحاق رکھنا۔'' (کتاب پیدائش 19,18:7)

(3) کتاب پیدائش (21) میں حضرت اسحاق علیہ السلام کے لیے خاص طور پر خوشخبری دی گئی مگر کتاب پیدائش کے باب 21 اور آیات 13 اور 18 میں اللہ تعالیٰ نے خاص طور پر حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کو ''عظیم امت'' بنانے کی خوشخبری دی۔

(4) بائبل کی کتاب خمسہ موسیٰ Deuteronomy (17,15:21) کے مطابق پہلے بچے کے روایتی حقوق اور مراعات ماں کی سماجی حیثیت سے متاثر نہیں ہوتے (1) اور یہ تمام آسمانی کتابوں کی اخلاقی اور انسانی اصولوں اور تعلیمات کا حصہ ہے۔

---

(1) مثلاً یہ کہا جاتا تھا کہ حضرت سارہ جو حضرت اسحاق علیہ السلام کی والدہ محترمہ تھیں ''آزاد'' تھیں جب کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ ماجدہ حضرت ہاجرہ ''غلام'' تھیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(5) حضرت اسماعیل علیہ السلام کے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حقیقی اولاد اور آپ کا نطفہ ہونے اور حضرت ہاجرہ کے آپ کی قانونی زوجہ مطہرہ ہونے کی حقیقت کو کتاب پیدائش (3:21,3:16) میں باضابطہ تسلیم کیا گیا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد جو آخری اسرائیلی پیغمبر تھے، اللہ تعالیٰ کے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل کو عزت بخشنے اور اسے عظیم امت بنانے کے وعدے کی تکمیل کا وقت آ گیا تھا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے 600 برس بعد اللہ کے نئے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں تشریف لے آئے جن کا تعلق حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صاحبزادے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل سے تھا اور اس طرح اللہ تعالیٰ کے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسل کی دونوں شاخوں کو عزت دینے اور عظیم امت بنانے کے وعدے کی تکمیل ہو گئی تھی لیکن کیا اس امر کے کئی ٹھوس شواہد ہیں کہ بائبل میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی پیش گوئی کی گئی؟

## محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ پیغمبر جن کا وعدہ کیا گیا تھا:

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بہت بعد پیغمبر مبعوث کرنے کے وعدہ کی تجدید حضرت موسیٰ کے الفاظ میں اس طرح کی گئی۔

بائبل کی کتاب خمسۂ موسیٰ (Deuteronomy)(18:18) میں موسیٰ نے آنے والے پیغمبر کی جو خصوصیات بیان کیں وہ یہ تھیں:

(1) وہ ''اسرائیل بھائیوں'' میں سے ہوگا کا حوالہ واضح طور پر اہل یہود کے ''کزنوں'' کی طرف ہے کیونکہ اسماعیل علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پہلے صاحبزادے ہیں جن کی اولاد کو اللہ تعالیٰ نے غیر مبہم طور پر ''عظیم امت'' بنانے کی خوشخبری دی تھی۔

(2) اس بارے میں جو دوسری علامت تھی وہ یہ تھی ''جو اے موسیٰ! تمہاری طرح ہوگا'' اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت موسیٰ علیہ السلام میں جو مماثلت پائی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جاتی ہے وہ کسی اور دو پیغمبروں میں نہیں پائی جاتی۔ یہی دو پیغمبر ہیں جنہیں جامع نظریہ حیات عطا کیا گیا۔ دونوں اپنے دشمن کے خلاف صف آرا ہوئے اور معجزاتی طور پر فتح یاب ہوئے۔ دونوں کو نہ صرف پیغمبر تسلیم کیا گیا بلکہ ان کی سیاسی سیادت بھی قائم ہوئی اور دونوں نے اپنے قتل کی سازشوں کے بعد ہجرت کی۔

موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام میں مماثلت تلاش کرنے والے اور اللہ تعالیٰ کے مذکورہ فرمان کا حوالہ عیسیٰ علیہ السلام کو بنانے والے بہت سے اہم عوامل کو نظر انداز کررہے ہیں۔ مثلاً قدرتی پیدائش اور موت اور معمول کی انسانی زندگی گزارنے کے حوالے سے عیسیٰ علیہ اسلام اور موسیٰ علیہ السلام کی زندگی میں جو تضاد ہے اسے ملحوظ خاطر رکھا جانا چاہیے۔

اس کے علاوہ حضرت عیسیٰ السلام کے پیروکار انہیں صرف خدا کا پیغمبر نہیں بلکہ ''خدا کا بیٹا'' بھی کہتے ہیں اور اس طرح انہیں واضح طور پر حضرت موسیٰ سے ممیز کرتے ہیں جبکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں اس حوالے سے بھی مماثلت ہے۔

بائبل کی کتاب خمسہء موسیٰ (Deuteronomy)(2,1:33) موسیٰ علیہ السلام، عیسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے خلط ملط کردیتی ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ خدا (خدا کا کلام) سینائی سے آیا، سائر سے طلوع ہوا (غالباً اس سے مراد یروشلم کے نزدیک واقع گاؤں سائر ہے) اور اس کی چمک پاران (فاران) سے ظاہر ہوئی۔ کتاب پیدائش (21:21) کے مطابق پاران کا ویرانہ تھا جہاں اسماعیل علیہ السلام آباد ہوئے (پاران سے مراد فاران۔ وادی مکہ)۔ بائبل کی کتاب ''کنگ جیمز'' میں حاجیوں کے وادی ''بکہ'' (مکہ کا پرانا نام) میں گزرنے کا ذکر ہے (6,4:84Psalms)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مذکورہ آیت ملاحظہ ہو:

''بابرکت ہیں وہ لوگ جو آپ کے (اللہ کے) گھر میں رہتے ہیں اور ہر دم آپ کی تسبیح وتحمید کرتے ہیں۔ بابرکت ہیں وہ لوگ جن کی طاقت کا سرچشمہ آپ (اللہ) کی ذات ہے۔ جو اپنے سفر حج کی مسرت سے سرشار وادی بکہ سے گزرتے ہیں۔''(1)

## محبوب خدا:

بائبل کی کتاب السیع (یسعاہ) (42:1-13) میں خدا کے پیارے، برگزیدہ بندے اور پیغمبر کا ذکر ہے جو ایک قانون لے کر آئے گا جس کا جزیدہ نما (عرب) میں انتظار تھا جسے نہ ناکامی ہوگی اور نہ ہی وہ حوصلہ ہارے گا جب تک زمین پر انصاف قائم نہ کر دے۔ اسی آیت (11) کے مطابق جس شخص کا انتظار تھا اس کا تعلق قیدار کی نسل سے تھا۔ قیدار کون ہے؟ کتاب پیدائش کے مطابق (25:13) قیدار حضرت اسماعیل کا دوسرا بیٹا تھا اور حضرت اسماعیل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اجداد میں سے تھے۔

## حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مکہ سے مدینہ ہجرت:

بائبل کی کتاب حبقوق (Habkakkuk) پیغمبر حبقوق سے منسوب (3:3) میں خدا (کی مدد) کی تیمان (مدینہ کے شمال میں ایک نخلستان بحوالہ جے ہسٹنگز ڈکشنری آف بائبل) کی طرف سے آمد کا ذکر ہے اور یہ کہ ایک مقدس شخص پاران (فاران۔ مکہ) کی طرف سے آئے گا۔

---

(1) یہ امر قابل ذکر ہے کہ خود قرآن مجید میں بھی مکہ کا نام بکہ مذکور ہے۔

''ان اول بیت وضع للناس الذی ببکہ مبرکا.''

''اللہ تعالیٰ کا پہلا گھر جو لوگوں کے لیے مقرر کیا گیا وہی ہے۔

جو بکہ (مکہ شریف) میں ہے جو تمام دنیا کے لیے برکت کا موجب ہے۔ (3:96) (مترجم)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



”خدا (کی مدد) کی آمد تیمان کی طرف سے ہوئی اور مقدس شخص
پاران کی طرف سے آیا۔اس کی عظمت آسمانوں کی وسعت تک جا
پہنچی اور دنیا کے کونے کونے میں ان کی ذات کی توصیف کی گئی ان کی
شان وشوکت چڑھتے سورج کی طرح تھی اس کے ہاتھوں سے روشنی
کی شعاعیں پھوٹتی تھیں اور اس کی قوت اس کے دست و بازو میں
تھی۔“ (حبقوق Habakkuk، 4,3:3)

مندرجہ بالا آیات میں واضح اشارہ آنحضرت ﷺ کی ذات بابرکات کی طرف تھا کہ مقدس شخص جس نے قوم کی سختیوں سے تنگ آ کر پاران (مکہ) سے تیمان (مدینہ) کی طرف ہجرت کی اور پھر جس طرح آپ کا نام دنیا کے کونے کونے تک پہنچا۔اس سے مراد آپ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں۔اسی طرح بائبل کی کتاب السیع (یسعاہ Isaiah) میں مذکور ہے:

”عرب سے متعلق ایک (غیبی) آواز
تم لوگ درویشوں کے قافلے ہو
جو عرب کے آباد علاقے میں خیمے لگائے ہوئے ہو
پیاسوں کو پانی پلاؤ گے
تم جو وادی تیما میں رہتے ہو
مہاجرین کو کھانا کھلاؤ گے
جو تلواروں سے بچ کر تمہارے پاس آئیں گے
جن پر تلواریں سونت لی گئی ہوں گی
جن پر کمانیں کھینچ لی گئی ہوں گی
اور جن پر جنگ مسلط کر دی گئی ہوگی۔“ (یسعاہ Isaiah، 15,14,13:21)

اسی میں سے جنگ بدر کے بارے میں بھی پیش گوئی کی گئی ہے جس میں کمزور اور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کم ہتھیاروں سے مسلح فدائیوں نے معجزانہ طور پر ''قیدار'' قبائل کے طاقتور لوگوں کو شکست دے دی جو اسلام کو ختم کرنا اور اپنے ہی قبیلوں کے ان لوگوں کو زیر کرنا چاہتے تھے جنہوں نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ متعلقہ آیات ملاحظہ ہوں:

''یہ (سب کچھ) مجھے خداوند نے بتایا ہے کہ ایک سال کے اندر جیسا کہ ایک غلام شمار کرنے پر مامور ہو، قیدار قبائل کی ساری شان و شوکت کا خاتمہ ہو جائے گا۔ ان تیر اندازوں میں سے یعنی قیدار کے جنگجوؤں سے جو بچ پائیں گے وہ چند ہی ہوں گے۔ (Isaiah، 17,16:21)

## بائبل میں قرآن کے بارے میں پیش گوئی:

قرآن مجید 23 سال تک تھوڑا تھوڑا کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوتا رہا۔ قرآن کے الفاظ اللہ تعالیٰ نے فرشتہ کے ذریعے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک میں ڈالے۔ جبرائیل علیہ السلام اللہ کا پیغام لے کر آتے اور آپ کو یاد کراتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن مجید کے مصنف یا خالق نہیں ہیں بلکہ یہ خدائی کلام ہے جو آپ کی زبان مبارک سے ادا ہوتا رہا اور آپؐ کے صحابہ کرامؓ آپؐ سے سن کر اپنے حافظے میں محفوظ کر لیتے اور آپ کی ذاتی نگرانی میں اسے تحریری شکل میں بھی محفوظ کر لیتے۔

کیا یہ محض حسن اتفاق تھا کہ ''موسیٰ سے مماثلت رکھنے والا پیغمبر'' جو اسرائیلیوں (بنی اسماعیل) کا بھائی تھا وہی تھا جس کے منہ میں خدائی کلام ڈالا جاتا تھا اور جو اسے خدا کے نام سے تلاوت کرتا تھا۔ (خمسہ موسیٰ، 19,18:18)

''میں ان کے بھائیوں میں سے تم جیسا ایک پیغمبر پیدا کروں گا اور میں اپنے الفاظ اس کے منہ میں ڈال دوں گا اور وہ وہی کچھ کہے گا جس کا میں اسے حکم دوں گا اور جس نے اس کلام پر کان نہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دھرا جو وہ میرے نام کے ساتھ سنائے گا تو اس کا حساب کتاب میں خود کروں گا۔" (Deuteronomy، 18:18,19)

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جس "فارقلیط" اور "تسلی دینے والے" کی آمد کی خبر دی تھی کیا یہ بھی "حسن اتفاق" ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

"اگر تم مجھ سے محبت کرتے ہو تو جو میں حکم کروں گا تمہیں اُس کی اطاعت کرنا ہوگی اور میں آسمانی باپ سے کہوں گا کہ وہ تم کو ایک اور "فارقلیط" عطا کرے جو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ہو جو سچائی کی روح ہو۔" (انجیل یوحنا (جان)، 15:11,16)

ایک دوسری جگہ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

"مگر جب وہ یعنی سچائی کی روح آئے گا وہ تم لوگوں کو سچائی کی طرف بلائے گا۔ وہ اپنی طرف سے کوئی بات نہیں کرے گا اور وہی بات کرے گا جو وہ (اللہ کی طرف سے) سنے گا اور وہ آنے والے زمانے کی خبر بھی دے گا۔" (جان انجیل یوحنا، 13:16)

کیا یہ ایک اور "حسن اتفاق" ہے کہ بائبل قیدار کی نسل سے منسلک پیغمبر کا تعلق ایک نئے گیت (نئی زبان کی آسمانی کتاب) سے جوڑتی ہے جو خداوند کی شان میں گایا جائے گا۔

"خداوند کی شان میں ایک نیا گیت گاؤ
دنیا کے آخر کونوں سے اس کی حمد کی آواز بلند کرو
تم ہو جو سمندر تک جاؤ گے اور اس کے اندر رہنے والے بھی
جزیرے اور ان میں رہنے والے سب لوگ
صحرا اور اس کی آبادیوں کے مکین سب آوازیں بلند کریں گے
قیدار کی نسل کے لوگ جشن منائیں گے
سیلا کے لوگ مسرت کے گیت گائیں گے
وہ پہاڑ کی چوٹی سے خوشی کے نغمے بلند کریں گے" (Isaiah، 42:10,11)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بلکہ بائبل میں ایک اور مقام پر زیادہ واضح انداز میں پیش گوئی کی گئی کہ وہ ٹھہر ٹھہر کر ایک اجنبی زبان میں قوم سے بات کرے گا۔

''ٹھیک ہے، پھر خدا ایک اجنبی لہجے (نامانوس انداز میں) میں ایک عجیب زبان میں اپنے بندوں سے بات کرے گا۔'' (Isaiah 11:28)

یہ دوسری آیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس کیفیت کی طرف اشارہ ہے جو نزول وحی کے وقت آپؐ پر طاری ہو جاتی تھی اور الفاظ پریشانی میں بعض اوقات آہستہ آہستہ آپؐ کی زبان مبارک سے ادا ہوتے تھے۔ اس کے علاوہ اس کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ قرآن مجید ایک ہی بار کی بجائے 23 سال کے طویل عرصے میں آپؐ پر نازل ہوا۔

## حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ پیغمبر موعود:

عیسیٰ علیہ السلام کی آمد تک اہلِ یہود اس پیغمبر کا انتظار کر رہے تھے جس کے بارے میں کہا گیا تھا کہ وہ ''موسیٰ (علیہ السلام) کی طرح'' ہے۔ (خمسہ موسیٰ، 18:18) اس لیے جب حضرت یحییٰ علیہ السلام تشریف لائے تو یہودیوں نے آپ سے سوال کیا کہ کیا آپ ہی وہ مسیحا ہو؟'' انہوں نے فرمایا ''نہیں''۔ پھر پوچھا، کیا آپ الیاس (علیہ السلام) ہو۔ انہوں نے جواب دیا ''نہیں''۔ پھر تورات میں مذکور پیغمبر (خمسہ موسیٰ، 18:18) کے حوالے سے براہِ راست پوچھ لیا کہ ''آپ وہ پیغمبر موعود ہیں؟'' انہوں نے کہا ''نہیں''۔ (جان 'یوحنا'، 19:1-21)

بائبل میں انجیل یوحنا کے باب 15,14 اور 16 کے مطابق عیسیٰ علیہ السلام نے اس ''فارقلیط'' تسلی اور خوشخبری دینے والے کے بارے میں بتایا کہ ان کی تشریف آوری آپ کے بعد ہوگی جسے ''آسمانی باپ'' ایک اور ''تسلی دینے والے'' کے طور پر مبعوث کرے گا جو اپنی قوم کو نئی چیزیں (نیا دین) سکھائے گا جو عیسیٰ علیہ السلام کے لوگ برداشت نہیں کر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سکتے۔اس ''تسلی دینے والے'' کو ''سچائی کی روح'' کے نام سے پکارا جائے گا۔ (اس لفظ کے معانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خطاب صادق اور امین سے ملتے جلتے ہیں۔)

انجیل یوحنا میں ایک مقام پر آپ کو ''مقدس روح'' بھی کہا گیا۔ (John، 26:14) تاہم بائبل ڈکشنری (ایڈیٹر جے میکنزی) میں اس ''فارقلیط'' کی شخصیت کی جو خصوصیات بیان کی گئی ہیں اس سے ''مقدس روح'' کی یہ اصطلاح ہم آہنگ نہیں۔ یہ اعتراف کیا جانا چاہیے کہ یہ صورتحال مکمل ہم آہنگی کی تصویر پیش نہیں کرتی۔

درحقیقت تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ بعض اولین مسیحیوں کا عقیدہ تھا کہ یہ ''فارقلیط'' انسان ہے روح نہیں۔ اس سے شائدان لوگوں کے مؤقف کی وضاحت ہو سکے جنہوں نے ان مدعیوں کا ساتھ دیا جنہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کے ''فارقلیط'' کے لیے بیان کردہ خصوصیات پر پورا اترے بغیر اس کا دعویٰ کر دیا۔

## حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی بائبل کے ''فارقلیط'' ہیں:

ان دلائل کے ساتھ یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتی ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت مبارکہ ہی دراصل بائبل میں مذکور فارقلیط ہے۔ فارقلیط کے معانی میں تسلی دینے والا، مددگار، خبردار کرنے والا شامل ہیں اور یہ تمام خصوصیات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں بدرجہ اتم موجود تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت کی تصدیق کی۔ ایک نیا دین پیش کیا جسے عیسیٰ علیہ السلام کے دور میں برداشت نہ کیا جاتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی تعلیمات پیش کیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنیں (وحی) آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ماننے والوں کے ساتھ موجود رہتے ہیں (اپنی اصل حالت میں موجود تعلیمات کے ذریعے) یہ تعلیمات قیامت تک کے لیے ہیں کیونکہ آپؐ خدا کے آخری پیغمبر ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم عالمگیر پیغمبر ہیں جنہوں نے پوری انسانیت کو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر جمع کر دیا اور انہیں سچائی کے راستے پر ڈال دیا۔ آپؐ نے بعض آنے والے واقعات کی خبریں دیں جو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حرف بہ حرف پوری ہوئیں اوراس طرح موسیٰ علیہ السلام کی اس کسوٹی پر پوری اتریں جوآپ نے سچے پیغمبر اور جھوٹے دعویداروں میں امتیاز کے لیے پیش کی تھی۔

''اگر (کوئی) ''پیغمبر'' خداوند کے نام پر کسی آنے والے واقعہ کی خبر دے اور وہ سچ ثابت نہ ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ پیغام خداوند کا نہیں تھا اور ''پیغمبر'' نے محض مفروضہ پیش کیا ہے۔ اس (شخص) سے ڈرنے کی ضرورت نہیں۔'' (خمسہ موسیٰ 'تورات'، 22:18)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل دنیا کو گناہوں کے خلاف خبردار کیا۔ راست بازی کا درس دیا اور خبردار کیا کہ روزِ قیامت ہر چیز کا حساب ہوگا۔

عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

''جب وہ آئے گا تو گناہ کاروں کو سزا دے گا (یا گناہوں کی دنیا کو بے نقاب کرے گا) اور دنیا کو نیکی اور راست روی کی تلقین کرے گا اور بتائے گا کہ دنیا میں کیئے گئے (اچھے اور برے) اعمال کا حساب لیا جائے گا۔'' (انجیل یوحنا (جان) 8:16)

## کیا مذہبی سیادت کی منتقلی کی پیش گوئی کی گئی:

اہلِ یہود کی طرف سے آخری اسرائیلی پیغمبر یعنی عیسیٰ علیہ السلام کے انکار کے بعد اللہ تعالیٰ کے اس وعدے کی تکمیل کا وقت آ گیا تھا کہ ''میں اسماعیل علیہ السلام کی نسل کو عظیم قوم بناؤں گا۔'' (کتاب پیدائش)

''بچہ بڑا ہو گیا اور اس کا دودھ چھڑا دیا گیا۔ جس روز اسحاق کا دودھ چھڑایا گیا ابراہیم (علیہ السلام) نے ایک بڑی ضیافت دی۔ مگر سارہ نے دیکھا کہ ابراہیم (علیہ السلام) کا جو بیٹا ہاجرہ مصریہ کے بطن سے پیدا ہوا تھا وہ منہ چڑا رہا تھا (جس پر) سارہ نے ابراہیم (علیہ السلام) سے کہا کہ اس غلام عورت اور اس کے بیٹے کو مجھ سے دور لے جاؤ کیونکہ یہ عورت اور اس کا بیٹا میرے بیٹے اسحاق کے ساتھ ورثہ میں شریک نہیں ہو سکتے۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس بات نے ابراہیم (علیہ السلام) کو بہت پریشان کر دیا کیونکہ یہ اس کے بیٹے کا معاملہ تھا مگر خداوند نے ابراہیم سے کہا ''اپنے بیٹے اور لونڈی کے بارے میں پریشان نہ ہو جو سارہ نے کہا ہے اس پر عمل کرو کیونکہ یہ اسحاق ہی ہے جس کے ذریعے تمہاری نسل کا شمار ہوگا۔ میں لونڈی کے بیٹے کی نسل کو بھی قوم بناؤں گا کیونکہ وہ بھی تمہارا بیٹا ہے۔'' (کتاب پیدائش، 21:8-13)[1]

## انجیر کے درخت کی مثال:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو انجیر کے درخت کی مثال دی اور کہا کہ جس انجیر پر پھل نہ آئے اس کا کوئی فائدہ نہیں اسے سوکھ جانا چاہیے۔

---

(1) یہ بائبل کا مفروضہ ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ حضرت ہاجرہ غلام عورت تھیں۔ محققین خصوصا قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری نے اپنی عظیم کتاب ''رحمت اللعالمین'' میں دلائل اور ثبوت کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ حضرت ہاجرہ علیہم السلام بلند مرتبت خاتون تھیں (اور بعض کے نزدیک فرعون کی بیٹی تھیں جنہیں اس نے حضرت سارہ کی کرامت کے باعث ان کی خدمت کے لیے وقف کر دیا تھا اور بعد میں حضرت سارہ نے خود انہیں اپنے شوہر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجیت میں دیا)۔

قاضی سلیمان سلمان منصور پوری نے حضرت ہاجرہ کو بانیہ بلدۃ امین مکہ معظمہ کا خطاب بھی دیا ہے۔ یہ بھی ثابت ہے کہ حضرت ہاجرہ سے فرشتے ہم کلام ہوتے تھے۔

''جب مشک سے پانی ختم ہوگیا تو اس (ہاجرہ) نے بچے کو ایک جھونپڑی کے نیچے لٹا دیا اور (پانی کی تلاش میں) (پہاڑوں کے) اوپر اور نیچے جانے لگی اور کہنے لگی ''میں اپنے بچے کو پیاس سے ترستا ہوا نہیں دیکھ سکتی'' اور پھر پاس بیٹھ کر رونے لگی۔''

''خداوند نے بچے کے رونے کی آواز سن لی اور فرشتہ نے آسمان سے ہاجرہ کو آواز دی اور کہا ''ہاجرہ! کیا بات ہے۔ ڈرو مت، خداوند نے بچے کی رونے کی آواز سن لی ہے۔ بچے کو ہاتھوں میں اٹھا لو کیونکہ (خداوند نے کہا ہے کہ) میں اس بچے کی نسل سے ایک عظیم قوم پیدا کروں گا۔'' (پیدائش، 21:15-18) مترجم۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(انجیر کا درخت کا حوالہ پیغمبروں کے تذکرے میں اکثر آتا ہے) اور یہ کہ تین سال تک اگر اس پر پھل نہ آئے تو اسے کاٹ دینا بہتر ہے۔ اِس مثال سے عیسیٰ علیہ السلام کی مراد یہ تھی کہ جو قوم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان نہیں لاتی اسے ایک آخری موقع دے کر اس کی جگہ نئی قوم لائی جاتی ہے۔ بائبل میں ارشاد ہے:

''اگلی صبح جب آپ (حضرت عیسیٰ) شہر واپس آ رہے تھے تو آپ کو سخت بھوک لگی تھی۔ آپ سڑک کنارے انجیر کے درخت کو دیکھ کر اس کی طرف لپکے (کہ کچھ انجیریں کھا کر بھوک مٹائیں) مگر اس پر پتوں کے سوا کچھ نہ تھا۔ جس پر آپ نے درخت سے کہا ''خدا کرے تم پر اب کبھی پھل نہ آئے۔'' درخت آناً فاناً سوکھ گیا۔''

''جب آپ علیہ السلام کے عقیدت مندوں نے یہ دیکھا تو حیران ہو گئے اور پوچھنے لگے ''درخت اتنی جلدی کیسے سوکھ گیا۔''

''عیسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا ''میں تم کو سچی بات بتاتا ہوں، اگر تمہارا ایمان پختہ ہے اور دل میں کوئی شک نہیں ہے تو تم میں بھی وہ کچھ کرنے کی طاقت پیدا ہو جائے گی جو ابھی انجیر کے درخت کے ساتھ ہوا ہے بلکہ اگر تم اس پہاڑ کو بھی کہہ دو کہ اپنے آپ کو سمندر میں گرا دو تو ایسا ہو جائے گا۔ اگر تم ایمان رکھتے ہو تو جو کچھ تم دعا میں مانگتے ہو تمہیں مل جائے گا۔'' (انجیل متی، Mathew، 22-18:21)

انجیل متی میں ہی ایک اور مقام پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

''اِس لیے میں تم سے کہتا ہوں کہ خداوند کی سلطنت تم سے واپس لے لی جائے گی اور اس قوم کو دے دی جائے گی جو اس پر پھل لے کر آئے گی۔'' (متی، میتھیو، 43:21)

''وہ قوم'' اسماعیل (علیہ السلام) کی نسل ہے (جو انجیل متی (42:21) کے مطابق عمارت کی تعمیر کے وقت معمار کی طرف سے ''مسترد کیا ہوا پتھر'' ہے) جس نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیش گوئی کے مطابق اپنے وقت کی تمام طاقتوں پر فتح پائی۔ آپ نے فرمایا:

''اور جو کوئی بھی اس پتھر پر گرے گا ٹوٹ پھوٹ جائے گا لیکن جس پر یہ گرے گا اسے پیس کر سرمہ بنا دے گا۔'' (انجیل متی (میتھو 44:21)

## کیا تمام پیش گوئیاں محض اتفاقات ہیں؟

کیا یہ ممکن ہے کہ اس بحث کے دوران جن پیش گوئیوں کا تذکرہ ہوا ہے وہ سب ''اتفاقات'' کے ایک سلسلے کا حصہ ہیں اور کیا یہ آیات جو واضح طور پر تاریخ کے دھارے کو بدل دینے والے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کی خبر دے رہی ہیں ان کو نظر انداز کر دیا جائے اور اس بات پر یقین کر لیا جائے کہ بائبل کی مختلف کتابوں میں پیغمبروں نے مختلف اوقات میں جو کچھ اس حوالے سے فرمایا وہ سب ''حسن اتفاق'' ہی ہے؟

## ''آنے والے'' کے 10 ہزار ساتھی:

ان پیش گوئیوں میں یہ تو ذکر آچکا ہے کہ اس پیغمبر کا ظہور پاران (وادیٔ فاران یعنی مکہ) سے ہوگا۔ تاہم ایک اور حیران کن پیش گوئی بھی موجود ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ''آنے والے کے ''ہمراہ'' 10 ہزار نیک لوگ'' بھی ہوں گے۔ جو واضح طور پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے 10 ہزار صحابہ کرامؓ کی طرف اشارہ ہے جن کی قیادت کرتے ہوئے آپؐ پاران یعنی مکہ میں فاتحانہ داخل ہوئے اور کوئی خون بہائے بغیر آپؐ نے بت پرستی کے سب سے بڑے مرکز کا خاتمہ کر دیا۔ بائبل کی کتاب خمسہ موسیٰ میں ارشاد ہے:

(حضرت موسیٰ علیہ السلام نے انتقال سے قبل اپنی قوم سے فرمایا)

''خداوند کا ظہور (طور) سینا کی طرف سے ہوا
اور سئیر میں ان کو نظر آیا
وہ (اس کا نور) کوہ پاران کی طرف سے چمکا
اور اس کی آمد 10 ہزار نیک لوگوں کے جلو میں ہوئی
جنوب کی طرف سے پہاڑی ڈھلانوں سے اتر کر'' (خمسہ موسیٰ، 2:33)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# 6- مسیحیت عالمگیر مذہب نہیں

از الحاج اے ڈی جی جولا

(بیرسٹر ایٹ لا، نائیجیریا)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام جس مسیحیت کے علمبردار تھے اس سے کبھی عالمگیر مذہب مراد نہیں لیا گیا۔ اگرچہ جہاں تک عیسیٰ علیہ السلام کے پیغام اور بنیادی تعلیمات یعنی آپ کے مذہب کا تعلق ہے وہ اسلام سے مختلف نہ تھا۔ مگر اس میں زندگی کے سب پہلوؤں کے لیے رہنمائی موجود تھی نہ ہی وہ تمام قوموں اور زمانوں تک وسیع تھا۔ انسانی تاریخ کی ان گنت صدیوں میں جب بنی نوع انسان کی مختلف نسلیں عملاً ایک دوسرے سے الگ تھلگ زندگی گزار رہی تھیں اور ان میں ذرائع رسل ورسائل کا بھی فقدان تھا تو اللہ تعالیٰ نے ہر قوم کے لیے الگ الگ پیغمبر مبعوث فرمائے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی ایسے ہی ایک پیغمبر تھے جو ایک قوم کے لیے بھیجے گئے۔ آپ قوم یہود کے مسیحا تھے۔

مسیحیت کے بارے میں ایک بڑا حوالہ ڈاکٹر سی۔ جے۔ کاڈکس لکھتے ہیں:

> ''مسیحائی کی جو خصوصیت عیسیٰ (علیہ السلام) کو عطا ہوئی تھی اس کے اثرات محض ایک قوم تک محدود تھے اور ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ آپ نے اپنی تبلیغ اور بیماریوں کے علاج کا دائرہ کم وبیش یہودی علاقے تک محدود رکھا۔ یہاں تک کہ ایک موقع پر جب انہیں ایک غیر یہودی لڑکی کے علاج کے لیے کہا گیا تو انہوں نے پس وپیش کا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مظاہرہ کیا۔" (The Life of Jesus)

اِس طرح مختلف قوموں (حتیٰ کہ بعض اوقات مختلف آبادیوں اور بستیوں) میں الگ الگ پیغمبر بھیج کر انہیں سچائی کا راستہ دکھاتے ایک زمانہ بیت گیا تو کارساز حقیقی کے نظام کے مطابق ایک ایسے پیغمبر کی بعثت کا وقت آ گیا جس کا لایا ہوا مذہب نہ صرف عالم موجود کے لیے ہو بلکہ اس کی تعلیمات قیامت تک بنی نوع انسان کے لیے رشد و ہدایت کا سرچشمہ ہوں۔

اور ان تمام تقاضوں کی تکمیل کے لیے محمد (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کی تشریف آوری ہوئی اور آپؐ جو پیغام لے کر آئے اس میں پہلے آنے والے تمام پیغمبروں کی تعلیمات کا نچوڑ تھا۔ جو نہ صرف قومی حد بندیوں سے آزاد تھا بلکہ اسے مستقبل کی تحریفات سے پاک رکھنے کا بھی اہتمام موجود تھا۔ آپؐ نے مختلف مذہب اور قومی روایات کو ایک عالمگیر عقیدے، اور تہذیب کے قالب میں ڈالا اور مختلف علاقوں میں آباد گونا گوں رنگوں اور نسلوں کے لوگوں کو عالمگیر اخوت کی لڑی میں پرو دیا۔

یہ تجزیہ کرتے ہوئے کہ آیا عیسیٰ علیہ السلام ایک عالمگیر مبلغ تھے یا ان کا دائرہ کار ایک مخصوص علاقے تک محدود تھا اور آیا مسیحیت ایک عالمگیر مذہب ہے یا اس کا زمانہ اپنے انجام کو پہنچ گیا۔ خود بائبل کی گواہی بھی پیشِ نظر ہونی چاہیے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے خود فرمایا:

"یہ گمان نہ کرو کہ میں پہلے (آسمانی) قوانین اور پیغمبروں کی نفی کرنے آیا ہوں۔ میں ان (تعلیمات) کو ختم کرنے نہیں بلکہ ان کی تکمیل کرنے آیا ہوں۔ اس لیے میں تم لوگوں کو یقین دلاتا ہوں کہ جب تک آسمان اور زمین موجود ہیں (خدائی) قانون میں ایک نقطہ یا شوشہ بھی ختم نہیں کیا جائے گا۔ یہاں تک کہ اسے مکمل کر دیا جائے۔" (انجیل میتھیو، 18,17:5)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اِس حوالے سے موسیٰ علیہ السلام اور دوسرے پیغمبروں نے جو کچھ فرمایا اور جوان کی تعلیمات ہیں وہ مذاہب عالم کی تاریخ کا حصہ ہے اور عیسیٰ علیہ السلام نے اس تاریخ کو تبدیل کرنے کا عندیہ کبھی نہیں دیا۔ سوال یہ ہے کہ خود عیسیٰ علیہ السلام کا ارادہ کیا تھا اور ان کو پیغمبر بنا کر بھیجنے والے خالق کائنات کی حکمت کیا تھی اسے عیسیٰ علیہ السلام سے بہتر کوئی جان سکتا ہے نہ ہی بیان کرسکتا ہے اور عیسیٰ علیہ السلام کا واضح بیان موجود ہے:

"میں بنی اسرائیل کی گمشدہ بھیڑوں کی طرف بھیجا گیا ہوں۔"

(میتھیو، 24:15)

اِس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات بنی اسرائیل کے لیے مخصوص تھیں سب کے لیے نہیں۔ جہاں تک اس اعتراض کا تعلق ہے کہ بائبل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اپنے حواریوں سے فرمان موجود ہے کہ وہ دیگر لوگوں کو جا کر نصیحت کریں۔ (میتھیو، 19:28) تو اس کا مطلب یہی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں سے فرمایا تھا کہ وہ بنی اسرائیل کے تمام قبائل تک ان کا پیغام پہنچا دیں اور پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا واضح بیان بھی موجود ہے:

"میں پورے یقین کے ساتھ آپ کو بتاتا ہوں کہ آپ میں سے جو لوگ مجھ پر اور میرے دوبارہ جی اُٹھنے پر ایمان رکھتے ہیں کہ جب فرزند آدم (عیسیٰ علیہ السلام) خداوند کے تخت کے سائے میں بیٹھے گا تو آپ بھی بارہ تختوں پر براجمان ہوں گے، بنی اسرائیل کے 12 قبائل کے فیصلے کریں گے۔" (میتھیو، 18:19)

ایک اور مقام پر ارشاد ہے:

"ان 12 (حواریوں) کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے روانہ کیا اور ہدایت کی کہ تم غیر یہودیوں کی طرف نہیں جاؤ گے اور نہ ہی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سامریوں کے شہر میں داخل ہو گے بلکہ تم کو بنی اسرائیل کی گمشدہ بھیڑوں کی طرف جانا ہے۔" (میتھیو، 10:5-6)

مندرجہ بالا فرامین سے ہرگز یہ مطلب اخذ نہیں ہوتا کہ مسیحی مبلغ پہلے اسرائیلیوں کے پاس جائیں اور پھر دوسروں کے پاس۔ کیونکہ اسرائیل کی گمشدہ بھیڑوں کے پاس جانے کا مطلب یہ نہیں کہ بس جاؤ اوران کے شہروں میں چل پھر کراوران سے رسمی ملاقات کر کے واپس آجاؤ بلکہ انہیں مسیحیت قبول کرنے پر آمادہ کرو یعنی جو "بھیڑیں" گلے سے بچھڑ چکی ہیں انہیں واپس لایا جائے۔ اس سے جو نتیجہ اخذ ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ جب تک تمام یہودی مسیحیت قبول نہ کرلیں کسی اور کی طرف توجہ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ عیسیٰ علیہ السلام نے پوری وضاحت سے یہ بیان کر دیا ہے کہ اہلِ یہود کو تبلیغ اور انہیں مسیحیت قبول کرنے پر آمادہ کرنے کا کام ان کے دوبارہ ظہور تک مکمل نہیں ہوگا۔ آپ کا فرمان ہے:

